# معذور بچوں کے اہل خانہ کے لیے اہم فیصلوں کے مواقع


## اعترافات

ورجینیا محکمۂ تعلیم (VDOE) ان تمام کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے جنہوں نے اس دستاویز کی تیاری اور جائزے میں مدد فراہم کی۔

## معذور افراد کے لیے ورجینیا بورڈ

اس پروجیکٹ کے لیے پچھتر فیصد چندہ ورجینیا بورڈ برائے معذور افراد نے دیا جو *فیڈرل ڈویلمنٹل ڈس ایبیلٹی و بل آف رائٹس ایکٹ* کے تحت ہے۔ بورڈ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی درج ذیل سے رابطہ کیجیئے: ورجینیا بورڈ برائے معذور افراد 1100 Bank Street, 7th Floor, Richmond, Virginia 23219، (800) 846-4464 ، یا بورڈ کی ویب سائٹ Virginia Board for People with Disabilities ملاحظہ کیجیئے۔

### ورجینیا محکمہ تعلیم

**John Eisenberg**
اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ برائے خصوصی تعلیم و طالبعلم/طالبہ کی خدمات

**Henry Millward**
ڈائریکٹر برائے خصوصی تعلیمی سہولیات و خاندانی شمولیت

**Patricia Abrams**
ڈائریکٹر برائے خصوصی تعلیمی تدریسی خدمات

**Jo Ann Burkholder**
ڈائریکٹر برائے سٹوڈنٹس سروسز

**Sarah Susbury**
ڈائریکٹر برائے ٹیسٹ منتظم، سکورنگ و رپورٹنگ

**Tracy Lee**
ڈائریکٹر برائے خصوصی تعلیمی سہولیات و خاندانی شمولیت

**Gloria Dalton**
ماہر خصوصی تعلیمی سہولیات و خاندانی شمولیت

**Joseph Wharff**
ماہر سٹوڈنٹس سروسز

**Marianne Moore**
ماہر، خصوصی تعلیم پروگرام میں بہتری

**Ellen Harrison**
ماہر، خصوصی تعلیمی تدریسی خدمات

**Deborah Johnson**
ماہر، خصوصی تعلیمی تدریسی خدمات

**Dawn Hendricks**
ماہر، خصوصی تعلیمی تدریسی خدمات

**Lia Mason**
ماہر، ٹیسٹ منتظم، سکورنگ و رپورٹنگ

**Ron Geiersbach**
کوآرڈینیٹر برائے باضابطہ کاروائی کی خدمات

**مبصرین**

**Heidi Lawyer**
معذور افراد کے لیے ورجینیا بورڈ

**John Cimino**
معذور افراد کے لیے ورجینیا بورڈ

**Diann Eaton**
ورجینیا ٹیک ٹریننگ و ٹیکنیکل اسسٹنٹ سینٹر (TTAC)

**Jim Gallagher**
Amherst کاؤنٹی پبلک سکولز

**Sandra Hedrick**
Richmond کاؤنٹی پبلک سکولز

**Samantha Hollins**
Chesterfield کاؤنٹی پبلک سکولز

**Louise LeBron**
Mathews کاؤنٹی پبلک سکولز

**David Sable**
Radford City پبلک سکولز

**Wyllys Vanderwerker**
Radford City پبلک سکولز

**Mary Wellman**
Greensville کاؤنٹی پبلک سکولز

**ہم پورے ورجینیا کے تیس سے زائد والدین، معذور افراد، اساتذہ، کونسلروں، منتظمین، اور دیگر سٹیک ہولڈروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے اس منصوبے کے آغاز میں دو فوکس گروپوں میں بہت پرجوش طریقے سے کام کیا۔ آپ کی آراء بیش قیمت تھیں اور ان کی بہت قدر کی گئی۔**

## پس منظر

**Heidi Lawyer، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر**
**معذور افراد کے لیے ورجینیا بورڈ**

ورجینیا میں معذور خدمات کے نظام کی 2014 کے جائزے میں، ورجینیا بورڈ برائے معذور افراد (VBPD) نے ان چیلنجوں کی شناخت کی جو اہل خانہ کو اہم فیصلوں سے مطلع کرنے کے وقت ضروری علم اور معلومات کے حوالے سے پیش آتے ہیں جو ان کے بچہ/بچی کے مستقبل پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ بچہ/بچی کی جانچ اور ڈپلومہ اختیارات سے متعلق فیصلے اس کی کامیابی کے اہم حصّے ہیں۔ VBPD نے رپورٹ کیا ہے کہ بہت سے والدین کو عمومی نصاب، جانچ، اور ڈپلوما میں شرکت سے متعلق اختیارات کے نفاذ اور نتائج کے بارے میں بروقت معلومات نہیں دی جاتیں۔ مثال کے طور پر، بہت سے والدین اس بات سے بے خبر ہیں کہ اگر ان کا بچہ/بچی سٹینڈرڈآف لرننگ(SOL) میں شرکت نہیں کرتا/کرتی تو وہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ ڈپلومہ حاصل نہیں کر سکتا/سکتی (ملازمت، اعلی درجے کی تدریس، تعلیم جاری رکھنے، اور مالی امداد کے لیے ایک "ہائی سکول ڈپلوما")۔ بہت سے شعبوں سے وصول ہونے والی عوامی رائے ظاہر کرتی ہے کہ والدین اپنے بچہ/بچی کی کارکردگی کے لیے کم درجے کی توقعات وصول کرنے میں جدوجہد کرتے ہیں، اور بہت سے بچوں کو SOL کے راستے سے دور رکھنے کی ہدایات دینا جاری ہے۔ اہل خانہ کی طرف اضافی آواز اٹھائی گئی کہ انہیں ریاست کے احتساب کے عمل سے متعلق الجھن ہے۔ اہل خانہ نے رپورٹ کیا کہ انہیں بتایا گیا تھا کہ وہ کسی متبادل نصابی ٹریک میں داخل ہونے کے بعد SOL ٹریک پر واپس آ سکتے ہیں۔ تاہم یہ بات واضح ہے کہ ساتھیوں کے ساتھ "ملنا" زیادہ سے زیادہ مشکل ہوتا جائے گا اگر بچہ/بچی SOL نصاب میں شرکت نہیں کرے گا۔ ان مسائل پر بات کرنے کے لیے، بورڈ نے 2014 کی جانچ میں درج ذیل سفارشات کی ہیں:

> "معذور بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے لیے خصوصی تعلیمی عمل پر بالغوں کے لیے تعلیمی نصاب تیار اور نافذ کرنا تاکہ انہیں اپنے حقوق اور اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے میں مدد ملے۔ یہ تربیت، جو سکولوں اور خاندانوں کے درمیان تعلق کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے، اسے VDOE یا مقامی سکول ڈیزائن پیش کر سکتے ہیں۔ مخصوص معلومات میں درج ذیل شامل ہونا چاہیے (a) سیکنڈری سکول اور بالغوں کی خدمات کی طرف منتقلی بشمول کام کی مراعات اور (b)سکول ڈویژن کے نمائندؤں کی شناخت، اور کمیونٹی میں سروسز بورڈ ((CSBs، مرکز برائے آزادانہ زندگی ((CILs، اور وکالت کی دیگر تنظیموں کا کردار۔ سکول ڈویژن کو بھرپور کوشش کرنی چاہیے اور اس بات کو پھیلانا چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اہل خانہ اس تعلیم اور معلومات کے بارے میں آگاہ ہوں جب یہ دستیاب ہوں"۔

2016 میں، VBPD نے تعین کیا کہ یہ ورجینیا محکمۂ تعلیم (VDOE) کو بذریعہ فنڈز ان سفارشات کے نفاذ میں مدد کرے گا تاکہ معذور بچوں سے متعلق اہم فیصلہ سازی پر ایک تربیتی پروگرام تیار اور نافذ کیا جائے جس میں ڈپلومہ کے اختیارات، جانچ

کے اختیارات، کریڈٹ اور کریڈٹ کی سہولیات، طویل المدت جائزہ اور بہت کچھ شامل ہے۔ VBPD نے تعین کیا کہ VDOE کو براہ راست فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تحریری معلومات اور تربیت میں تازہ ترین معلومات شامل ہوں گی، خاص طور سے وفاقی اور ریاستی تعلیم کے پس منظر میں جاری رہنے والی تبدیلیاں، اس کے ساتھ ساتھ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ گرانٹ کی مدت کے اختتام کے بعد آغاز قائم رہے گا۔

## تعارف

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے ذہن میں مخصوص اہداف ہوتے ہیں جب وہ بچوں کو سکول بھیجتے ہیں۔ اس بات سے قطع نظر کہ کہ بچے معذور ہیں یا نہیں، تمام والدین چاہتے ہیں کہ وہ جتنا ممکن ہو سیکھیں، تلاش اور تجربہ کریں۔ والدین اپنے بچوں کو سرکاری تعلیم مکمل کرانے، ڈپلومہ حاصل کرنے، اور ان کے راستے میں آگے بڑھنے کے لیے مکمل طور پر تیار کرنا، چاہے وہ ان کی فوری ملازمت ہو، اعلی تعلیم یا کچھ ہو، کے لیے جدوجہد کرتے ہیں۔ آپ کے بچہ/بچی کے اہداف کے حصول کے لیے، وقت کے ساتھ ساتھ، بطور والد یا والدہ، آپ کو کچھ مخصوص فیصلے کرنا ہوتے ہیں۔ ان فیصلوں میں سے کچھ فیصلے بہت ابتدائی عمر جیسے شیرخواری یا بہت چھوٹے بچوں کے لیے کرنا ہوتے ہیں۔

جب والدین اور سکول ڈویژن ایک دوسرے کے ساتھ مل کر اشتراک کرتے ہیں تو بچوں کے لیے زبردست چیزیں ہوتی ہیں۔ اس اشتراک کو ذہن میں رکھا گیا ہے کہ یہ دستاویز تمام فریقین کو مثبت طریقے سے مل کر کام کرنے اور ورجینیا میں بچوں کے لیے بہترین ممکنہ فیصلے کرنے کے لیے تعمیری انداز میں مدد کرے۔

اس گائیڈ کا مقصد آپ کو چار چیزیں سمجھانے میں مدد کرنا ہے"

- آپ کے بچہ/بچی کی تعلیمی کامیابی کے لیے کون سے کلیدی اصول ہیں؟
- آپ کے بچہ/بچی کی تعلیمی راستے کے لیے آپ کو کون سے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے؟
- آپ کس موقع پر یہ فیصلے کریں گے؟ اس گائیڈ میں، ہم ان ***اہم فیصلوں کے مواقعوں*** کا حوالہ دیں گے۔
- آپ کو کون سی معلومات درکار ہوں گی تاکہ آپ اپنے بچہ/بچی کے لیے سب سے زیادہ باخبر فیصلے کر سکیں؟

***اس دستاویز کا مقصد ریاست کے ضوابط کو محدود یا تبدیل کرنا نہیں ہے۔***

یہ گائیڈ حصّوں میں تقسیم ہے۔ پہلا سیکشن وہ اصطلاحات اور مخففات فراہم کرتا ہے جن کی آپ کو اپنے بچہ/بچی کے تعلیمی سفر میں ضرورت پڑے گی۔ یہ وہ معلومات ہیں جن سے تمام والدین کو آگاہ ہونے کی ضرورت ہے۔

دوسرے سیکشن کا عنوان *تعلیمی کامیابی* کے کلیدی اصول ہے۔ یہ سیکشن آپ کو وہ قابل قدر معلومات فراہم کرے گا جو آپ کو آپ کے بچہ/بچی کے لیے بہترین ممکنہ تعلیم حاصل کرنے میں مدد دیں گی۔

تیسرا سیکشن *اہم فیصلوں کے مواقعوں* پر مشتمل ہے۔ اس سیکشن میں، آپ کو ان مواقعوں میں ہر ایک کے بارے میں معلوم ملیں گی، عمومی معلومات جو آپ کو ان فیصلوں کے کرنے میں باخبر رکھیں گی، اور جب ہر ایک کو مد نظر رکھنے کے لیے آپ کو رہنمائی کی ضرورت ہے۔

اضافی معلومات اور وسائل کی ویب سائٹ Virginia Department of Education پر یا سے درج ذیل پر رابطہ کرنے پر دستیاب ہیں:

ورجینیا محکمۂ تعلیم
ڈیپارٹمنٹ برائے خصوصی تعلیم و سٹوڈنٹ سروسز
James Monroe Building, 20th Floor
P. O. Box 2120
Richmond, Virginia 23218-2120
ٹول فری: 1-800-422-2083
ٹیکسٹ استعمال کرنے والے صارفین کے لیے ڈائل: 711 (Relay)

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ معلومات آپ کے لیے قابل قدر ہونے کے ساتھ ساتھ سمجھنے میں آسان بھی ہوں۔ آپ کو آپ کے بچہ/بچی کے تمام تعلیمی سفر کے دوران ہماری نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

## مددگار اصطلاحات اور مخففات

**ایک 504 منصوبہ** ایک تحریری منصوبہ ہے جو *بحالی کا ایکٹ برائے 1973* (29USC §701 et seq.) ترمیم شدہ، کے 504 سیکشن کے تحت درکار ہے۔ ایک بچہ/بچی کا 504 منصوبہ وہ تمام ترامیم، سہولیات، اور خدمات کی تفصیلات دیتا ہے جو معذور بچہ/بچی کو سکول پروگراموں میں شرکت کے لیے درکار ہیں اسی لیول پر جہاں اس کے بغیر معذوری والے ساتھی موجود ہیں۔

**تعلیمی اور کیریئر منصوبے (ACP)** وہ دستاویزات ہیں جو ایسے راستے کا کام دیتے ہیں جو ضرورت مند بچوں کو مناسب کورس اور سرگرمیوں کو چننے میں مدد دیتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ وہ پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور کیریئر میں اپنے اہداف تک پہنچ سکیں۔ میں درج ذیل شامل ہونا چاہیے (مگر اس تک محدود نہیں) (1) بچہ/بچی کے تعلیمی اور کیریئر دلچسپیوں کی بنیاد پر ہائی سکول گریجوئیشن اور پوسٹ سیکنڈری کیریئر کے راستے کے لیے تعلیمی پروگرام، (2) ایک جائزہ اور تجدید، اگر ضروری ہے تو، اور (3) بچہ/بچی، بچہ/بچی کے والد یا والدہ یا سرپرست، اور پرنسپل کے نامزد کردہ سکول حکام کے دستخط

**سہولیات** تدریس کی توقعات کو کم نہیں کرتیں۔ یہ رسائی فراہم کرتے ہیں۔ سہولیات کی چار اقسام ہیں: پری زینٹیشن (مثال؛ بچہ/بچی کو مطالعہ کے لیے ہدایات)، جواب (مثال؛ لکھنے والے کو جوابات لکھوانے کی اجازت)، اوقات/شیڈول کرنا (مثال؛ ذیلی ٹیسٹوں کو مختلف ترتیب میں لینے کی اجازت)، اور ترتیب (مثال؛ خصوصی روشنی یا آلات سماعت مہیا کرنا)۔ اس کے برعکس، ترامیم ان مشقوں کا حوالہ دیتی ہیں جو تدریسی توقعات کو تبدیل، آہستہ یا کم کر دیتے ہیں۔ کچھ مثالوں میں گریڈ لیول سے نیچے کا مطالعہ دینا، گریڈ لیول کاموں کی کارکردگی کی بجائے بچہ/بچی کے IEP اہداف میں بہتری کی بنیاد پر گریڈ دینا، اور نمایاں طور پر آسان ذخیرہ الفاظ

**ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ** کے لیے اس وقت کریڈٹ کے 26 سٹینڈرڈ یونٹس اور 9 تصدیق شدہ کریڈٹس۔ (آنے والی تبدیلیوں کے لیے *اہم فیصلوں کے مواقع 3* اور ضمیمہ 2 ملاحظہ کیجیئے۔) IEP والے بچوں کے لیے یہ اہم ہے کہ ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ کے ساتھ

گریجویشن کے بعد، بچے مفت مناسب سرکاری تعلیم یا FAPE کے اہل نہیں رہیں گے، اور گریجوئیشن کے بعد سرکاری سکول کے نظام کے ذریعے جاری خدمات حاصل کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

**مطابقت والے معیارات** تعلیم وہ تعلیمی معیارات ہیں جن کی پیچیدگی اور گہرائی کو کم کیا گیا ہے۔ یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ مطابقت والے معیارات تعلیم کو معیارات تعلیم سے تیار کیا جاتا ہے اور پھر ان کو مطابق بنایا جاتا ہے۔

**اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ** ان بچوں کے کے ڈیزائن کیا گیا ہے جنہوں نے اپنے IEP کی شرائط کو مکمل کر لیا ہے اور جو دیگر ڈپلوما کے شرائط پر پورا نہیں اترتے۔ (آنے والی تبدیلیوں کے لیے *اہم فیصلوں کے مواقع 3* اور ضمیمہ 2 ملاحظہ کیجیئے۔) جن بچوں نے یہ ڈپلومہ حاصل کیا ہے وہ 22 سال کی عمر تک جاری خدمات، مفت اور موزوں سرکاری تعلیم (FAPE) کے اہل ہوں گے۔

**کیرئیر و ٹیکنیکل ایجوکیشن (CTE)** سے مراد منظم تعلیمی سرگرمیاں جو کورسوں کا تواتر پیش کرتی ہیں جو:

- افراد کو وہ سخت اور چیلنجنگ تعلیمی اور تکنیکی علم اور مہارتیں فراہم کرتا ہے جو موجودہ یا ابھرتے ہوئے ملازمت کے شعبوں میں افراد کو مستقبل کی تعلیم کے لیے تیار کرتی ہے؛
- ان مہارتوں یا کورسوں کی فراہمی شامل ہو سکتی ہے جو تواتر کے کورسوں میں داخلے کے لیے ضروری ہیں؛ اور
- پوسٹ سیکنڈری لیول پر، ایک-سال کے سرٹیفکیٹ کے لیے، ایک ایسوسی ایٹ ڈگری، یا صنعت سے تسلیم شدہ سند فراہم کرتی ہے۔

**کیرئیر و ٹیکنیکل ایجوکیشن (CTE) کی اسناد** وہ اسناد ہیں جو عام طور پر ٹیسٹنگ کے ذریعے حاصل کی جاتی ہیں، جو مہارت حاصل کرنے کی تصدیق، تعلیمی حصول، اور کام یا فعل کو کرنے کا اختیار دیتی ہیں۔

**کمپیوٹر اڈیپٹیو ٹیسٹ (CAT)** ایسی جانچ ہے جو ہر بچہ/بچی کے لحاظ سے ترمیم کی جاتی ہے جیسا وہ بچہ/بچی ٹیسٹ کے سوالات پر جواب دیتا/دیتی ہے۔

**کریڈٹ کی سہولیات** معذور بچوں کو سٹینڈرڈ ڈپلوما کے لیے اضافی راستے فراہم کرتا ہے جو اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ ان راستوں کو درج ذیل زمروں (حصوں) میں ڈالا جا سکتا ہے:

- مقامی تصدیق شدہ دیئے گئے کریڈٹ: ریاضی اور (EOC) اختتام کورس برائے انگریزی مطالعہ اور تحریر۔
- کورس ورک: استعمال ہونے والے مواد کو دو حصوں میں تقسیم کر کے سٹینڈرڈ کریڈٹس (کریڈٹس جو ایک کورس کو کامیابی سے مکمل کرنے کے لیے دیے جاتے ہیں) فراہم کیے جاتے ہیں (مثال: الجبرا I حصہ I اور حصہ II) ذاتی زندگی اور مالیات (3120) کو معاشیات اور ذاتی مالیات سے بدلنا (6120)

مزید تفصیلی معلومات کے لیے براہ مہربانی درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے:

[VDOE Standard Diploma Credit Accommodations]

**ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم (ECSE)** وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات ہیں جو دو سال (جن کی سالگرہ 30 ستمبر یا اس سے پہلے آتی ہے) سے پانچ سال کی عمر کے معذور بچوں کو دی جاتی ہیں جنہیں خصوصی تعلیمی خدمات درکار ہیں۔ ماہرین تعلیم بچہ/بچی کے اہل خانہ کے ساتھ مل کر، بچہ/بچی کی نشوونما کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اہداف اور مقاصد والا ایک انفرادی تعلیمی پروگرام IEP تیار کرتے ہیں۔ اہداف اور مقاصد میں مختلف مہارتوں اور/یا سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں تاکہ بچہ/بچی انہیں سیکھ سکے اور مستقل استعمال کر سکے۔

ایلیمنٹری سکول کو ایک غیر منافع بخش ادارہ دن کا یا رہائشی سکول (بشمول سرکاری ایلیمنٹری چارٹر سکولز) جو ایلیمنٹری تعلیم، فراہم کرتے ہیں جیسا ریاست کے قانون میں بیان کیا گیا ہے۔ ریاست کا قانون مزید بیان کرتا ہے کہ ایک ایلیمنٹری سکول ایک غیر منافع بخش ادارہ سکول ہے جو عمر کے لحاظ سے مناسب نصاب فراہم کرتا ہے۔ ایک غیرمنافع بخش پری سکول کی عمارت کو ایک ایلیمنٹری سکول سمجھا جا سکتا ہے اگر اس کے پاس عمر کے لحاظ سے مناسب نصاب ہے اور اس میں عمر کے لحاظ سے مناسب سماجی تعامل کی ترقیاتی سرگرمیاں اور مواقع (ابتدائی علم، ابتدائی نمبر، مسائل حل کرنے کے مواقع، اور بچہ/بچی کے ماحول کی تلاش) ہیں۔

**اختتام کورس (EOC)** سے مراد وہ ٹیسٹ ہے جو کورس کے اختتام پر دیا جاتا ہے جس کے بدلے میں بچے سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلوما کے لیے کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ مثالوں میں الجبرا I اور زمینی سائنس شامل ہیں۔

**مساوی خدمات** مقامی تعلیمی ایجنسیوں (LEAs) سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے ان معذور بچوں کو مساوی خدمات کے لیے تلاش کریں، شناخت، تشخیص کریں، اور معذور افراد کی تعلیمی بحالی کا ایکٹ (IDEA 2004) کا حصہ مناسب طور پر خرچ کریں جو ڈسٹرکٹ میں موجود نجی سکولوں کے ساتھ ساتھ مذہبی، ایلیمنٹری، اور سیکنڈری سکولوں میں داخل ہیں۔ نجی سکولوں میں والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے معذور بچوں کو موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات میں انفرادی خدمات کے منصوبے کے ذریعے مساوی شرکت کریں۔ سکول ڈویژن اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے معذور بچوں کو کس تناسب سے خصوصی تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات فراہم کی جائیں گی۔

**مفت اور موزوں سرکاری تعلیم (FAPE)** سے مراد خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات ہیں جو:

- سرکاری خرچے، سرکاری نگرانی اور ہدایات اور مفت فراہم کی جاتی ہیں۔
- ورجینیا محکمۂ تعلیم کے قائم کردہ معیارات پر پورا اترتے ہیں ((VBOE؛
- ورجینیا میں ایک مناسب پری سکول، ایلیمنٹری سکول، مڈل سکول یا سیکنڈری سکول کی تعلیم شامل ہے؛ اور
- جیسا کہ انفرادی تعلیمی پروگرام کے ساتھ مطابقت میں کہا گیا ہے۔

**معذور افراد کا تعلیمی بہتری کا ایکٹ (IDEA 2004) معذور افراد کا تعلیمی بہتری کا ایکٹ 4 ،(IDEA 2004) دسمبر، 2004، (IDEA 2004) کا دوبارہ نفاذ اور اس کے نافذ کرنے والے وفاقی ضوابط، 13 اکتوبر، 2006، معذور بچوں کے لیے قوانین اور ضوابط فراہم کرتے ہیں۔**

**آزادانہ تعلیمی تشخیص (IEE)** ایک تشخیص جسے ایک اہل متحمن یا ایک سے زائد متحمن کرتے ہیں جو اس مقامی تعلیمی ایجنسی کے ملازم نہیں ہیں جو کسی سوال کی صورت میں بچہ/بچی کی تعلیم کی ذمہ دار ہے۔

**انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)** سے مراد معذور بچہ/بچی کا تحریری منصوبہ ہے جو ٹیم میٹنگ میں تیار کیاجاتا، جائزہ لیا جاتا اور دہرایا جاتا ہے۔ IEP بچہ/بچی کی انفرادی تعلیمی ضروریات کو بیان کرتی ہے اور بچہ/بچی کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کون سی مخصوص تعلیم اور متعلقہ خدمات درکار ہیں۔

**انفرادی خدمات کا منصوبہ (ISP)** والدین کے ذریعے نجی سکول میں داخل کرائے گئے ہر معذور بچہ/بچی جسے خصوصی تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات وصول کرنے کے لیے نامزد کیا گیا ہے، اس کے پاس لازمی ISP ہونا چاہیے۔ ISP وہ مخصوص خصوصی تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات بیان کرتا ہے جو LEA بچہ/بچی کو فراہم کرے گی، اور لازمی طور پر، جتنا ممکن ہو، کی قابل اطلاق IEP مواد کی شرائط کو پورا کرے گی۔ ISP کو لازمی طور پر IEP ٹیم اور والد یا والدہ کی شرکت سے متعلق شرائط کے مطابق تیار کرنا، جائزہ لینا اور مستقل بنیادوں پر دہرانا چاہیے۔

**کم از کم پابند ماحول (LRE)** سے مراد زیادہ سے زیادہ مناسب حد تک، معذور بچوں کو، بشمول سرکاری یا نجی اداروں یا دیکھ بھال کے دیگر اداروں میں موجود بچوں کے، ان بچوں کے ساتھ تعلیم دی جاتی ہے جو معذور نہیں ہیں اور خصوصی کلاسیں، علیحدہ سکول یا معذور بچوں کو عمومی تعلیم ماحول سے صرف اس وقت الگ کیا جاتا ہے جب معذوریوں کی نوعیت یا شدت ایسی ہے کہ جب عمومی کلاس میں تعلیم، اضافی اعانتوں اور خدمات کے استعمال کے ساتھ اطمینان بخش طریقے سے حاصل نہیں کی جا سکتی۔

**LRE-داخلے کا تسلسل**

ہر سکول ڈویژن کو، ہر معذور بچہ/بچی کو لازمی طور پر ایک وسیع بنیاد پر یا تسلسل کے ساتھ، متبادل داخلہ فراہم کرنا چاہیے جس کا ایک مناسب پروگرام ہے۔ اس تسلسل مین درج ذیل شامل ہیں:

- عمومی تعلیمی کلاسیں
- خصوصی تعلیمی کلاسیں
- خصوصی تعلیمی سکول (نجی/رہائشی)
- والدین کا گھر میں تدریس فراہم کرنا
- گھر تک محدود تدریس ایسی تدریس ہے جو بچوں کو اس وقت دستیاب ہوتی ہے جب وہ مخصوص وقت کے لیے سکول میں باقاعدگی سے نہیں جا سکتے؛ اور اس کا انحصار لائسنس یافتہ ڈاکٹر یا کلینیکل سائیکالوجسٹ کے سرٹیفکیشن پر ہوتا ہے
- ریاستی عمارتوں سمیت ہسپتالوں اور اداروں میں تدریس

**متبادل داخلوں کے اس تسلسل میں درج ذیل شامل ہے:**

- لازمی اضافی خدمات فراہم کی جانی چاہیں، جیسے وسائل کا کمرہ یا خدمات یا سفری تدریس، عمومی تعلیم کی کلاسوں کے ساتھ فراہم کی جاتی ہیں؛
- لازمی طور پر مربوط خدمات کی فراہمی ہونی چاہیے، جو اس وقت ہوتی ہے جب آپ کے بچہ/بچی کے IEP کے کچھ یا تمام مقاصد اس کی عمر کے بچوں کی عمومی تعلیم کی کلاسوں میں پورے ہوتے ہیں؛

- لازمی طور پر آپ کے بچہ/بچی کی انفرادی ضروریات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، کوئی ایک انفرادی ماڈل معذور بچوں کی مخصوص آبادی یا زمرے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا؛

- ہر متبادل کی شناخت کے ذریعے دستاویزی ثبوت ہونا چاہیے اور چنے گئے داخلے کی وجوہات؛ اور

- لازمی طور پر اسی عمر کے بچوں کے ساتھ پروگرام پیش کیا جانا چاہیے، اگر مناسب ہو۔

**مقامی طور پر دیئے گئے تصدیق شدہ کریڈٹس (LAVC)** ایک معذور بچہ/بچی جس کے پاس IEP یا 504 ہے اور کریڈٹ کی سہولیات کا اہل ہے اسے انگریزی، مطالعہ، تحریر، اور ریاضی میں LAVC کے لیے زیر غور لایا جا سکتا ہے۔ سائنس اور تاریخ/سماجی سائنس میں مقامی طور پر دیئے گئے تصدیق شدہ کریڈٹس ان تمام بچوں کے لیے دستیاب ہیں جو سٹینڈرڈ ڈپلوما حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اہلیت کی شرائط پوری کرتے ہیں۔

**ترامیم** وہ تبدیلیاں ہیں جو ایک اسائنمنٹ یا ٹیسٹ میں کی جاتی ہیں جس کی وجہ سے اس ٹیسٹ یا اسائنمنٹ میں تبدیلی آ جاتی ہے جس کی پیمائش کے لیے وہ تیار کیا گیا تھا۔ ترامیم کی مثالیں جیسے ایک بچہ/بچی سٹینڈرڈ کے ایک حصے کو مکمل کرتا/کرتی ہے، یا بچہ/بچی ایک متبادل اسائنمنٹ کو مکمل کرتا ہے جو اصل اسائنمنٹ کے مقابلے میں مکمل کرنا آسان ہے۔ برائے مہربانی نوٹ کیجیئے کہ ریاستی جانچوں جیسے SOL ٹیسٹ پر ترامیم کی اجازت نہیں ہے۔

*ورجینیا میں معذور بچوں کے لیے خصوصی تعلیمی پروگرام نافذ کرنے والے ضوابط* کے مطابق **والد یا والدہ** کی تعریف درج ذیل میں کی گئی ہے:

- بچہ/بچی کے حقیقی یا گود لینے والے والد یا والدہ؛
- ایک فوسٹر والد یا والدہ اگرچہ وہ حقیقی یا گود لینے والے والد یا والدہ کے حقوق ختم نہیں ہوئے ہیں۔ مقامی تعلیمی ایجنسی حقیقی یا گود لینے والے والدین کو ان کے دیئے گئے آخری پتے پر تحریری نوٹس بھجوائیں گے کہ فوسٹر والد یا والدہ والد یا والدہ کے طور پر کام کر رہے ہیں اور مقامی تعلیمی ایجنسی اس وقت تک فوسٹر والد یا والدہ کے اقدامات پر انحصار کرنے کا حق ہے جب تک حقیقی یا گود لینے والے والد یا والدہ ایک والد یا والدہ کے طور پر کام کرنے کی کوشش نہیں کرتے؛
- ایک سرپرست عام طور پر ایک بچہ/بچی کے والد یا والدہ کے لیے تعلیمی فیصلے کرنے کے مختار ہوتے ہیں (لیکن ولی مقررہ عدالت بہ دوران مقدمہ، وہ حالت کہ بچہ/بچی ریاست کی قانونی تحویل میں ہے؛
- ایک فرد جو حقیقی یا رضاعی والد یا والدہ کی جگہ مقرر ہے (بشمول ایک دادا/دادی/نانا/نانی، سوتیلا والد یا والدہ، یا دیگر رشتہ دار) جن کے ساتھ بچہ/بچی رہتا/رہتی، یا ایک فرد جو قانونی طور پر بچہ/بچی کی فلاح و بہبود کا ذمہ دار ہے؛
- ایک نابالغ جو تنہا ہے؛ یا
- اگر اوپر دی گئی فہرست میں سے کوئی بھی شناخت نہیں ہو سکتا، یا وہ فریقین والد یا والدہ کے طور پر کام کرنے کے لیے تیار نہیں، ایک سروگیٹ والد یا والدہ جسے 8VAC20-81-220 کے تحت شرائط کے ساتھ مقرر کیا گیا ہے، تفصیلات دی جائیں گی۔

**پوسٹ سیکنڈری مقاصد** سے مراد ہے کہ آپ کا بچہ/بچی ہائی سکول کے بعد کیا کرنا چاہتا/چاہتی ہے۔ اگر بچہ/بچی کی IEP ٹیم اسے مناسب طریقے سے متعین کرتی ہے تو وہ اس وقت تیار ہونا شروع ہو جاتے ہیں جب آپ کا بچہ/بچی 14 سال کا ہوتا ہے یا اس سے پہلے۔ یہ ملازمت، تعلیم، تربیت اور کچھ نوجوانوں کے لیے آزادانہ زندگی پر کام کرتے ہیں۔

**پری سکول**، ایک سکول جہاں پانچ سال سے کم عمر کے بچے کنڈر گارٹن میں جانے سے قبل جاتے ہیں۔ پری سکول سرکاری یا نجی ہو سکتے ہیں۔ سرکاری پری سکولوں کو وفاق، ریاست، اور/یا مقامی چندے کے ذریعے فنڈز ملتے ہیں اور یہ مواقع مختلف سکول ڈویژنوں میں مختلف ہوتے ہیں۔

**سکول کے لیے تیاری** بچوں، اہل خانہ، سکولوں، اور کمیونٹیوں کی اہلیت کو بیان کرتی ہے جو کنڈر گارٹن اور اس کے بعد کامیابی کو بڑھاتے ہیں۔ ہر حصہ—بچے، خاندان، سکول، اور کمیونٹیاں—سکول کی تیاری کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بچوں کے لیے سکول کی تیاری، بچوں کو خواندگی، ریاضی، سائنس، تاریخ/سماجی سائنس اور ترقیاتی معیارات کو پورا کرنے کے لیے سماجی، ذاتی، جسمانی اور ذہنی طور پر تیار کرتی ہے۔

**خودارادیت** سے مراد مہارتوں، علم، اور اعتقادات کا وہ مجموعہ ہے جو ایک فرد کو مقصد کی طرف رہنمائی، خود کو منظم کرنا، خودمختار طرز عمل میں مشغول رکھنے کے قابل بناتا ہے۔ ایک کی طاقتوں اور حدود کی سمجھ، اکٹھے اس بات پر یقین کہ ایک فرد قابل اور مؤثر ہے جو خودارادیت کی بنیاد ہیں۔ جب ان مہارتوں اور رویوں کی بنیاد پر عمل ہو گا، افراد کو اپنی زندگیوں کو بہتر کنٹرول کرنے کی قابلیت ہو گی اور ہمارے معاشرے میں کامیاب بالغوں کے کردار سمجھ سکیں گے۔ *(Field, Miller, and Wehmeyer, 1998)*

**سوشل کیپیٹل** سے مراد وہ تعلقات اور لوگوں کا نیٹ ورک ہے جو ایک فرد کی مستقبل کے اہداف تک پہنچنے میں مدد کر سکتے ہیں اور ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مناسب ڈپلوما کے انتخاب کے لیے تحقیق کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جو عمل اور مدد فراہم کر سکتے ہیں ان میں سکول کونسلرز، خصوصی تعلیم کے اساتذہ، عمومی تعلیم کے اساتذہ، آجر، اور والدین اور/یا سرپرست شامل ہیں۔

**سٹینڈرڈ کریڈٹ** ایک کورس کامیابی سے مکمل کرنے پر دیا جاتا ہے۔

**سٹینڈرڈ ڈپلوما** کے لیے کریڈٹ کے 22 سٹینڈرڈ یونٹ اور 6 تصدیق شدہ کریڈٹ۔ (آنے والی تبدیلیوں کے لیے *اہم فیصلوں کے مواقع 3* اور ضمیمہ 2 ملاحظہ کیجیئے۔) IEP والے بچوں کے لیے یہ اہم ہے کہ سٹینڈرڈ ڈپلومہ کے ساتھ گریجویشن کے بعد، بچے FAPE کے اہل نہیں رہیں گے، اور سرکاری سکول کے نظام کے ذریعے جاری خدمات حاصل کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

**سٹینڈرڈ آف لرننگ (SOL)** بچوں سے وہ کم از کم توقعات ہیں جن کے بارے میں انہیں معلوم ہونا چاہیے اور انگریزی، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/سماجی سائنس کے کورس یا ہر گریڈ کے اختتام پر کامیاب ہونے کے قابل ہونا چاہیے۔

**تصدیق شدہ کریڈٹ دینے کے لیے منظور شدہ متبادل ٹیسٹ** ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن (VBOE) نے مختلف "متبادل" ٹیسٹ منظور کیے ہیں جو بچوں کو تصدیق شدہ کریڈٹ دینے کے لیے، اختتام کورس کے سٹینڈرڈآف لرننگ ٹیسٹ کے مقابلے میں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

**منتقلی کی جانچ** وہ معلومات فراہم کرتی ہے جو آپ کے بچہ/بچی اور IEP ٹیم کو پوسٹ سیکنڈری مقاصد لکھنے میں مدد کرتا ہے۔ وہ بچہ/بچی اور IEP ٹیم کو صلاحیتوں، ترجیحات، اور کمزوریوں کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ جیسے جیسے بچہ/بچی بڑھتا اور سمجھ دار ہوتا/ہوتی ہے، یہ اہداف اکثر تبدیل ہو جاتے ہیں۔ سکول پوسٹ سیکنڈری مقاصد کی کامیابی سے تکمیل کا ذمہ دار نہیں ہے؛ سکول خدمات اور سرگرمیوں کو منظم کرنے کا ذمہ دار ہے جو بچہ/بچی کو پوسٹ سیکنڈری مقاصد کے قریب کرتی ہیں۔

**تصدیق شدہ کریڈٹس** اس وقت دیئے جاتے ہیں جب بچہ/بچی ایک کورس کامیابی سے مکمل کرتا/کرتی ہے اور منسلکہ SOL ٹیسٹ، یا VBOEکے منظور شدہ متبادل جانچ میں پاسنگ سکور حاصل کرتا/کرتی ہے۔

**ورجینیا میں جانچ کا متبادل پروگرام( VAAP)** ان بچوں کی کارکردگی کی تشخیص کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو شدید ادراکی معذوری کا شکار ہیں، جو مطابقت والے سٹینڈرڈ آف لرننگ پر کام کر رہے ہیں، جو سٹینڈرڈ آف لرننگ پر منحصر ہے لیکن پیچیدگی اور گہرائی میں کم ہے۔

**ورچوئل کورس** [گھر پر بیٹھے کورس] ایک ایسی کلاس ہے جو الیکٹرانک ڈیوائس جیسے کمپیوٹر کے ذریعے دور بیٹھے دی جاتی ہے۔

**کام کی جگہ پر تدریس (WBL)** سکول کا مربوط، کام کے تجربے کا واضح تسلسل ہے جو بچوں کے مستقبل کے اہداف اور دلچسپیوں سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ بچوں کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ کمرۂ جماعت کی تدریس کو اصل دنیا کے کاروبار یا خدمات پر مبنی کام کے ماحول پر لاگو کریں۔

## تعلیمی کامیابی کے کلیدی اصول

**اہم فیصلوں کے مواقعوں کا جائزہ لینے سے قبل، ذیل میں جاننے کے لیے کچھ اہم معلومات موجود ہیں جو بچوں کو ان کے بچپن سے لے کر ان کے سکول کیرئیر کے دوران کامیاب بنانے میں مدد دیں گی۔**

**اصول نمبر 1:  مسلسل تدریس اور نشوونما کی معاونت**

بچپن کے ابتدائی سال معذور اور نشوونما میں تاخیر والے بچوں کے لیے ویسے ہی اہم ہیں جیسے باقی تمام بچوں کے لیے۔ آپ کے بچے/بچی کی مستقبل کی نشوونما کا انحصار اس دور میں موجود مشکل تدریسی نمونوں پر ہے۔ بہت سے والدین ان مشکل مہارتوں کو جاننا چاہتے ہیں جو ان کے بچے نشوونما کے ان ابتدائی سالوں کے دوران سیکھتے ہیں۔

سکول کی تیاری کے بارے میں سوچنا کبھی بھی جلدی نہیں ہے۔ تیاری کا بہت سا حصہ آپ کے گھر کے اندر سے شروع ہو سکتا ہے۔ سکول کی تیاری کی سرگرمیاں کنڈرگارٹن اور اس سے آگے کامیابی کو ممکن بناتی ہیں۔ ہم میں بہت جب کنڈرگارٹن کے بارے میں سوچتے ہیں تو حروف تہجی، حروف کی آوازوں، ابتدائی الفاظ کا پڑھنا، اور گنتی سیکھنے کے بارے میں سوچتے ہیں۔ اگرچہ کنڈر گارٹن میں داخل ہونے کے لیے یہ تمام مہارتیں اہم ہیں، اس کے علاوہ کچھ اور مہارتیں بھی ہیں جو اگر زیادہ نہیں تو برابر اہمیت رکھتی ہیں۔ سکول کی تیاری کی سرگرمیاں صوتی آگاہی، زبان، ذخیرہ الفاظ، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/سماجی سائنس پر توجہ دیتی ہیں۔ سکول کی تیاری بچوں کو جسمانی اور سماجی طور پر تیار کرنے کا حوالہ بھی دیتی ہے۔ اس میں جسمانی اور حرکی نشوونما کے ساتھ ساتھ سماجی نشوونما پر توجہ شامل ہے۔ سماجی نشوونما میں خود کو منظم کرنا، رابطہ کرنا، دوسروں کے ساتھ تعامل، مسائل کے حل، جذبات کی شناخت اور اظہار، اور دیگر مہارتیں شامل ہیں۔ یہ وہ مہارتیں ہیں جن کی تمام جگہوں اور ہماری تمام زندگی میں ضرورت پڑتی ہے۔

سکول کی تیاری کی سرگرمیاں والدین کی رہنمائی فراہم کر سکتی ہیں تاکہ وہ مہارتوں کی ان اقسام کو اچھے طریقے سے سمجھ سکیں جو ایک چھوٹا بچہ/بچی کو سیکھنی چاہیے۔ تاہم، یاد رکھیں کہ ہر بچہ/بچی مختلف رفتار سے نشوونما کرتا/کرتی ہے۔ ایک معذور بچہ/بچی رسمی سکول میں بغیر معذوری والے بچہ/بچی کے مقابلے میں جلد داخل ہو سکتا ہے اور معذور بچہ/بچی جو مہارتیں سیکھے گا وہ اس کی انفرادی ضروریات کی بنیاد پر ہوں گی۔ IEP ٹیم بچہ/بچی کی کامیابی کے لیے مناسب اہداف اور مقاصد کی شناخت کرے گی۔ آپ، بطور ایک والد یا والدہ، IEP ٹیم کا ایک اہم رکن ہیں اور ان فیصلوں کو کرنے میں مدد دیں گے۔

**ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم (ECSE) سے کنڈرگارٹن میں منتقلی**

آپ اس بارے میں بھی جاننا چاہیں گے کہ آپ اپنے بچہ/بچی کی ابتدائی بچپن کی خصوصی تعلیم (خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات پری سکول کی عمر کے بچوں کو دو سے پانچ سال کی عمر تک فراہم کی جاتی ہیں) کی کنڈر گارٹن منتقلی میں کیسے مدد کر سکتے ہیں، کیونکہ یہ معذور بچوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے بہت بڑی تبدیلی ہو سکتی ہے۔ پروگرام کی نوعیت، تعلیمی دن کی طوالت، سکول کا مقام اور سٹاف تمام تبدیل ہو سکتا ہے۔ پری سکول بچے کنڈرگارٹن میں زیادہ کامیابی سے منتقل ہو سکتے ہیں اگر ان کے سکول اور اہل خانہ اکٹھے تیاری کریں۔ منتقلی کی کوششوں میں اکٹھے کام کر کے، پری سکول اور ایلیمنٹری پروگرام بچوں کو پری سکول میں حاصل کیے گئے کو برقرار رکھنے اور بڑھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

یہ سمجھنا بہت اہم ہے یہ پری سکول سے کنڈرگارٹن میں منتقلی ایک عمل ہے اور یہ "ایک سائز سب کو فٹ" والا فارمولا نہیں۔ IEP ٹیم منتقلی کی سرگرمیاں فراہم کر سکتی ہے جیسے سکول یا کمرۂ جماعت کا دورہ اور آپ کے بچہ/بچی کے نئی اساتذہ سے مل کر آپ کے بچہ/بچی کے بارے میں معلومات بانٹ سکتی ہے۔ اپنے بچہ/بچی کے استاد/استانی اور IEP ٹیم سے منتقلی کے بارے میں بات کریں۔ اگر آپ کے کوئی خدشات یا خیالات ہیں تو انہیں بتائیں۔ مزید برآں، کنڈرگارٹن میں منتقلی کے دوران اپنے بچہ/بچی کے نئے استاد/استانی اور IEP ٹیم سے ملنے کا منصوبہ بنائیں۔ اپنے بچہ/بچی کی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کے بارے میں معلومات بانٹنا اس عمل کا اہم حصہ ہے۔ آخرکار، آپ اپنے بچہ/بچی کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔

**اصول نمبر 2: باقاعدہ حاضری**

سکول باقاعدگی سے حاضر ہونا بچوں کو سکول- اور خود ان کے بارے میں اچھا محسوس کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اگر آپ پری سکول میں یہ عادت جلد ہی بنا دیں گے تو آپ کا بچہ/بچی سمجھ جائے گا/گی کہ سکول وقت پر جانا، ہر روز جانا اہم ہے۔ *اچھی حاضری بچوں کو ہائی سکول، کالج، اور کام پر اچھا کرنے میں مدد کرتی ہے!*

ایک بچہ/بچی کی غیر حاضری کو شدید لیا جائے گا اگر وہ سکول کے ایک مہینے میں صرف دو دن نہیں آتا/آتی (ایک سال میں 18 دن)، چاہے غیرحاضری منظور شدہ ہو یا غیرمنظور شدہ۔ حتی کہ ایک سال کی شدید غیر حاضری بچہ/بچی کی تعلیمی سال میں پیچھے رہ جانے کی وجہ بن سکتی ہے اور بچہ/بچی کی ہائی سکول سے گریجویٹ ہونے کے امکانات کو کم کر دیتی ہے، جو کہ طویل المدت نتائج ان کے مالی آزادی، جسمانی بہبود اور ذہنی صحت کی صورت میں نکل سکتی ہے۔ ہر روز سکول حاضر ہونا بچہ/بچی کی سکول اور زندگی میں کامیابی کے مواقعوں کو بڑھا دیتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

- کنڈرگارٹن کے آغاز میں، بہت زیادہ غیر حاضریاں بچوں کو سکول میں پیچھے کر دیتی ہیں۔
- اگر بچے ہر کچھ ہفتوں میں ایک یا دو غیر حاضر ہوں تو بھی وہ پیچھے رہ سکتے ہیں۔
- چھٹے گریڈ تک، بہت زیادہ غیر حاضری، بچوں میں ہائی سکول چھوڑنے کی تین علامات میں سے ایک ہے۔
- حاضری زندگی کی ایک اہم مہارت ہے جو بچہ/بچی کو کالج سے گریجویٹ ہونے اور/یا نوکری برقرار رکھنے میں مدد دے گی۔

اچھی حاضری اور آپ کے بچہ/بچی کی کامیابی میں مدد کے لیے ذیل میں کچھ مددگار مشورے دیئے گئے ہیں:

- سونے کا ایک وقت اور صبح کی روٹین مقرر کریں۔

- منتقلی میں مدد کے لیے سکول شروع ہونے سے قبل اپنے بچہ/بچی کو اساتذہ اور ہم جماعتوں سے متعارف کرائیں۔
- اگر آپ کا بچہ/بچی سکول جانے میں پریشانی کا اظہار کرتا ہے تو اساتذہ، سکول کونسلرز، یا دیگر والدین سے مشورہ لینے کے لیے بات چیت کریں کہ کس طرح اسے تعلیمی ماحول میں آرام دہ اور پرجوش کیا جا سکتا ہے۔
- کچھ ہونے کی صورت میں اپنے بچہ/بچی کو سکول پہنچانے کا متبادل منصوبہ تیار رکھیں۔
- سکول کے کھلے ہونے کے دنوں میں اگر ممکن ہو تو ڈاکٹر کی ملاقاتوں اور لمبی سیروں سے پرہیز کریں۔
- سکول کے بعد بامعنی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کریں، بشمول کھیل اور کلب۔

حاضری کی عادات گریڈوں اور سکول میں شرکت اور کمیونٹی سے متعلق پروگراموں پر اثرانداز ہوتی ہیں (جیسے ٹیمیں، کلب، CTE، ملازمت) اچھی حاضری کی عادات بنانا مستقبل میں کام کی اہم مہارتوں پر بھی اثرانداز ہوتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں: Attendanceworks

مزید معلومات ضوابط برائے *مواد اور طالبعلم/طالبہ کی حاضری کی پالیسیوں سے متعلق بھگوڑے پن کے مواد کو اکٹھا کرنا اور رپورٹ کرنے کے ضوابط* سے حاصل کی جا سکتی ہے، 8VAC20-730 ملاحظہ کریں۔

**اصول نمبر 3: میرے بچہ/بچی کی تعلیم میں شامل ہونے کا آغاز کریں**

تحقیق نے مسلسل ظاہر کیا ہے کہ بچہ/بچی کی تعلیم میں اہل خانہ کی شمولیت تعلیم کے بہتر نتائج کی طرف لے جاتی ہے۔ ایک بچہ/بچی کی کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں جب والدین اپنے بچہ/بچی کے سکول کے کام میں فعال دلچسپی دکھاتے ہیں، سکول کی تقریبات میں شرکت کرتے ہیں، اور اپنے بچہ/بچی کی زیادہ سے زیادہ ممکنہ وکالت کرتے ہیں۔

*(“Research Spotlight on,” n.d.)*

اگر آپ کا بچہ/بچی خصوصی تعلیمی خدمات وصول کرتا ہے، تو آپ کے دو اہم کردار ہیں:

- اپنے بچہ/بچی کے ساتھ شامل سکول کے تمام افراد کے ساتھ ٹھوس تعلق بنائیں اور برقرار رکھیں تاکہ IEP ٹیم اپنے مؤثر ترین لیول پر کام کر سکے۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ/بچی FAPE (مفت مناسب سرکاری تعلیم) وصول کرے

**اپنے بچہ/بچی کے لیے ان مقاصد کو حاصل کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے بچہ/بچی کی تعلیم میں اپنے سکول ڈویژن کے ساتھ شراکت کے ذریعے شامل رہیں۔ اشتراک اہل خانہ اور سکول ڈویژن کے درمیان مشترکہ ذمہ داری ہے۔**

ان سب کا کیا مطلب ہے؟ یہاں کچھ تعریفیں بیان کی گئیں ہیں۔

**اہل خانہ کی مشغولیت:** مثالی طور پر، وہ والدین جو شامل ہونا چاہتے ہیں درج ذیل میں سے ایک کر سکتے ہین:

- بچہ/بچی کے ساتھ رابطے کو بہتر بنائیں
- تدریس کے لیے معاونت اور ماڈل کے لیے جوش و خروش دکھائیں
- پڑھنے کی عادات میں مدد کریں
- ملاقات میں سرگرمی سے حصہ لیتے ہیں
- بچہ/بچی کی ضروریات کو سمجھتے ہیں
- خصوصی تعلیم کے عمل اور والد یا والدہ/بچہ/بچی کے حقوق کو سمجھتے ہیں
- بچہ/بچی کی تعلیمی ضروریات کے لیے حمایت کرنا

**اشتراک:** جب دو یا زیادہ فریقین ایک مشترکہ ہدف کے لیے کام کرنے کے مقصد سے شراکت داری میں ہوں تو یہ اشتراک کہلاتا ہے۔ یہ وہ عمل ہے جو تمام فریقین کی اس چیز کے بارے میں جاننے سے بڑھتا ہے کہ ایک دوسرے پر اعتماد قائم کرنے کے لیے کس طرح بہتر طریقے سے رابطہ کیا جائے۔

اہل خانہ کی شمولیت بہتر اشتراک کی طرف لے جاتی ہے جو آپ کے بچہ/بچی کے بہتر نتائج کی وجہ بنتا ہے۔

**اصول نمبر 4: اپنے حقوق کو سمجھنا**

ااپنے والدین کے حقوق کی سمجھ کو بہتر بنانا بہت ضروری ہے۔ (درج ذیل فہرست میں سب کچھ شامل نہیں ہے۔ براہ مہربانی مکمل معلومات کے لیے ورجینیا میں معذور بچوں کے خصوصی تعلیم کے پروگراموں پر نظر رکھنے والے ضوابط ملاحظہ کیجیئے۔)

آپ کا حق ہے کہ:

- انتقامی کاروائی کے ڈر کے بغیر اپنے بچہ/بچی کی حمایت کرنا۔
- ملاقات کے نوٹس/دعوت نامہ وقت سے پہلے وصول کرنا۔
- تاریخ، وقت، اور مقام پر متفقہ رائے سے ملاقات کرنا۔
- آڈیو ریکارڈ اہلیت، IEP، اور طرزعمل کے تعین کے جائزے کی ملاقاتیں۔
- ویڈیو ریکارڈ کرنے کی درخواست۔ (اگر آپ سے کہا جائے کہ آپ نہیں کر سکتے، تو ویڈیو ریکارڈنگ سے متعلق سکول ڈویژن کی پالیسی دیکھنے کے لیے کہیے۔)
- اپنے خدشات/رائے پر تبادلۂ خیال کرنا۔
- کسی قسم کے دستاویزات لانا اور ان کا جائزہ لینا۔
- دیگر افراد کو ساتھ لانا اور ملاقات کے دوران ان کی مدد چاہنا۔
- سال میں ایک مرتبہ اور درخواست کرنے پر حفاظتی طریقۂ کار کے دستاویز کی نقل وصو کرنا۔
- اگر آپ سکول کی کی گئی تشخیص سے اتفاق نہیں کرتے تو آپ مفت آزادانہ تعلیمی تشخیص (IEE) وصول کر سکتےہیں۔

پیشگی نوٹس سے کیا مراد ہے؟
جب بھی سکول ڈویژن درج ذیل سے متعلق کسی سے متعلق سفارش کرے یا نامنظور کرے تو آپ کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کیا جانا چاہیے۔

- شناخت
- تشخیص
- تعلیمی داخلہ
- FAPE کی فراہمی (مفت مناسب سرکاری تعلیم)

پیشگی تحریری نوٹس میں لازمی درج ذیل سات عناصر موجود ہونے چاہیے:

- سکول ڈویژن کے سفارش کیے گئے یا نامنظور کیے گئے قدم کا بیان
- سکول ڈویژن کے قدم اٹھانے کی سفارش یا نامنظوری کی وضاحت

- دیگر اقدامات پر غور کرنے کا بیان اور مسترد کرنے کی وجوہات
- قدم اٹھانے کی بنیاد کے طور پر تشخیص، جانچ، ریکارڈ، یا استعمال کا بیان
- دیگر متعلقہ عوامل کا بیان
- حفاظتی طریقۂ کار کے تحفظ سے متعلق بیان
- مدد کے وسائل

آپ اور آپ کے بچہ/بچی کے حقوق کو سمجھنے سے آپ کو مدد ملے گی تاکہ آپ کو یقین ہو کہ وہ FAPE (مفت مناسب سرکاری تعلیم) وصول کر رہا/رہی ہے جس کا/کی وہ حقدار ہے۔

**اصول نمبر 5: میرے بچہ/بچی کی آزادی اور خودارادیت کو فروغ دینا**

آپ کے بچہ/بچی کا تعلیم اور زندگی میں کردار بڑھتا جاتا ہے، جیسے جیسے وہ بڑا ہوتا/ہوتی ہے اور اپنے بارے اور اردگرد کی دنیا کے بارے میں علم حاصل کرتا/کرتی ہے۔ خودارادیت تمام لوگوں کے پاس ایک اہم صفت ہے۔ یہ مہارتوں کے سیٹ کو حاصل کرنے سے حاصل ہوتی ہے جو فرد کو اپنی صلاحیتوں، ترجیحات، اور دلچسپیوں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ پرعزم لوگ اپنے اہداف سیٹ کرتے ہیں اور انتخابات اور فیصلوں، خود پر قابو پانے کی مہارت، اور اپنے لیے وکالت کے ذریعے ان اہداف کو حاصل کرنے کے لیے منصوبے تیار کرتے ہیں۔ وہ اپنے اوپر بطور قابل اور مؤثر لوگوں کے یقین کرتے ہیں جو اپنی زندگیوں پر کنٹرول کر سکتا/سکتی ہے۔

آخر میں IEP والے تمام بچوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ IEP میں شرکت کریں اور اپنے رائے دیں۔ وہ ٹیم کے اراکین بنتے ہیں۔ بطور والدین، آپ اپنے بچہ/بچی کو ان ملاقاتوں میں حاضر ہونے اور شرکت کرنے کے لیے تیار کرنے کے لیے آغاز کرنا چاہیں گے۔ وہ اپنی صلاحیتوں، دلچسپیوں، اور ترجیحات، کے بارے میں بات کر سکتے ہیں اور یہ کہ کون سی مدد یا سہولت ان کو سیکھنے میں مدد کر سکتی ہے۔ اس کام کو کرنے کی صلاحیت خودارادیت کی اصطلاح کے تحت آتی ہے۔ جب بچے شرکت کرتے ہیں، اپنے لیے اہم چیزوں کو بیان کرتے ہیں، اور ٹیم کو اپنے اہداف کے بارے میں بیان کرتے ہیں، وہ اعتماد حاصل کرتے ہیں۔ بچے سمجھنا شروع کرتے ہیں کہ ان کو سنے جانے کا حق ہے۔

پرعزم ہونا آپ کے بچہ/بچی کو اس کے خود کے لیے وکالت کرنے میں مدد دے گا۔ تاہم، یہ صرف فوری طور پر اس وقت ممکن نہیں ہوتا جب بچہ/بچی IEP پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ثانوی منتقلی کی عمر تک پہنچتا/پہنچتی ہے۔ آپ کا بچہ/بچی ثانوی منتقلی کی عمر تک پہنچنے سے بہت پہلے IEP کے عمل میں شرکت کر سکتا/سکتی ہے۔ آپ کو بچہ/بچی لوگوں کو IEP ملاقات میں آنے کی دعوت دے سکتا/سکتی ہے۔ IEP آپ کے بچہ/بچی کے بارے میں ہے۔ تدریس اور اہداف کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے کون سب سے زیادہ اہل ہے؟ آپ نے ایک بہت اہم جملہ سنا ہو گا کہ "میرے بغیر میرے بارے میں کچھ نہیں۔" اس سے مراد ہے کہ جب ایک معذور فرد کے بارے میں بات ہو رہی ہو اور منصوبے بنائے جا رہے ہوں، اس فرد کو وہاں موجود ہونا چاہیے۔

I'm Determined [میں پرعزم ہوں] پر موجود **ون پیجر** استعمال کرتے ہوئے، آپ کا بچہ/بچی صلاحیتیں، ترجیحات، دلچسپیوں کو شناخت کر سکتا/سکتی ہے اور الفاظ، تصاویر، یا ویڈیو استعمال کرتے ہوئے سادہ طریقے سے معاونت کر سکتا/سکتی ہے۔ یہ بہت پراثر ہے کہ ایک نوجوان فرد IEP ٹیم کو معلومات پیش کرے۔ جیسے جیسے آپ کا بچہ/بچی گریجویشن کے پاس پہنچتا ہے، وہ اہداف پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے IEP میٹنگ کا حصہ بننے کے لیے رک سکتا/سکتی ہے۔ **اہداف سیٹ کرنے اور حاصل کرنے** کے طریقے 'میں پرعزم ہوں' کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ سکول اور سکول کے بعد کی زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے منصوبے بنانا سیکھنا بہت اہم ہے تاکہ اہداف کو حاصل کیا جا سکے۔ بچے مدد فراہم کرنے والے افراد کی شناخت کرنا سیکھ سکتے ہیں۔ 'میں پرعزم ہوں' کی ویب سائٹ پر **گڈ ڈے پلان** بھی موجود ہے جو بچہ/بچی کو یہ جاننے میں مدد کرتا ہے کہ اسے اپنی زندگی پر اثرانداز ہونے والے واقعات پر کچھ کنٹرول حاصل ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ

کے بچہ/بچی کو معلوم ہو کہ اس میں سخت محنت کرنے، اہم کام مکمل کرنے اور اپنے اہداف تک پہنچنے کے لیے صلاحیتیں اور مہارتیں موجود ہیں۔

یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ آپ کے بچہ/بچی کے اٹھارہ سال ہونے سے کم از کم ایک سال قبل، IEP ٹیم کو لازمی طور پر آپ کو مطلع کرنا چاہیے کہ اس کی اٹھارویں سالگرہ پر تمام تعلیمی حقوق اسے منتقل ہو جائیں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کے بغیر تعلیمی فیصلے کرنے کے قابل ہو گا۔ مثال کے طور پر، بطور ایک بالغ آپ کا بچہ/بچی اپنے IEP کے لیے رضامندی دینے کے قابل ہو گا۔

یہ ایک بہت اچھا خیال ہو گا کہ اس کے اٹھارہ سال کے ہونے سے بہت پہلے اسے فیصلے کرنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ جب وہ فیصلے کرنا شروع کریں اور اپنے فیصلوں کے نتائج کو سمجھ سکیں تو اپ انہیں فیصلے کرنے کے مزید مواقع پیش کر سکتے ہیں۔

یہ تجربات اعتماد اور پختگی پیدا کرتے ہیں جو انہیں موقع دیتا ہے کہ وہ اپنی IEP ملاقاتوں میں فعال طور پر شرکت کریں۔ یاد رکھیں، IEP کے دوران، جب آپ کا بچہ/بچی چودہ سال کا ہو گا/گی، اسے IEP ملاقاتوں میں آنے کی دعوت دی جائے گی۔ IEP ٹیم ان سے ان کی صلاحیتوں، دلچسپیوں، اور ترجیحات کے بارے میں سننا چاہتی ہے۔ یہ آپ کی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ اٹھارہ سال کی عمر تک حاضر ہو۔

اگر آپ نہیں سوچتے کہ آپ کے بچہ/بچی کو اٹھارہ سال کی عمر میں یہ فیصلے کرنے چاہیے، تو ممکن ہے کہ اسے ملوث رکھنا جاری رکھیں۔ VDOE نے ایک کتابچہ تیار کیا ہے جو آپ کو اسے سمجھنے میں مدد دے گا۔ اس کا نام، *ورجینیا میں اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے والے معذور طالبعلم/طالبہ کو حقوق کی منتقلی* ہے اور درج ذیل لنک پر دستیاب ہے۔ *ورجینیا میں اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے والے معذور طالبعلم/طالبہ کو حقوق کی منتقلی*۔

**اصول نمبر 6: بچہ/بچی کے تعلیمی کیریئر میں طویل المدت اہداف کو ذہن میں شروع سے رکھنا**

والدین عام طور پر بچوں کی بہت چھوٹی عمر سے اہداف متعین کرتے ہیں۔ بڑا خواب دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حقیقت میں، آپ کی اعلی توقعات آپ کے بچہ/بچی کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

اگر آپ کا ہدف ہے کہ آپ کا بچہ/بچی کالج کی تعلیم حاصل کرے، تو آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ IDEA اصل میں 22 سال کی عمر پر ختم ہو جاتا ہے یا جب آپ کا بچہ/بچی سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کر لیتا/لیتی ہے۔ سکول کے بعد کی تعلیم کے لیے کوئی مفت اور موزوں سرکاری تعلیم (FAPE) دستیاب نہیں ہے۔ کسی بھی دوسرے کالج جانے والے بچہ/بچی کی طرح، آپ کے بچہ/بچی کو بھی کالج میں مثبت اور منفی دونوں طرح کے تجربات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ منفی واقعات کے بعد معمول کی زندگی میں آنا آپ کے بچہ/بچی کی حتمی کامیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، لہذا جلد ہی اسے اس کی تیاری کروانا شروع کر دیں۔

ہم جانتے ہیں کہ ہائی سکول کے بعد تعلیم بہتر ملازمت کی طرف لے کر جاتی ہے مگر ہر کوئی کالج کی تعلیم حاصل نہیں کرنا چاہتا/چاہتی۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ/بچی ایسی ملازمت کرنا چاہے جس کے لیے ہائی سکول کے بعد تربیت کی ضرورت ہو۔ ہو سکتا ہے کہ وہ کسی ایسے پروگرام میں سیکھے جہاں آپ کام کے ساتھ ساتھ پیسہ بھی کما سکتے ہیں۔ ورجینیا میں بہت سے اعلی درجے کے پوسٹ سیکنڈری تربیتی پروگرام موجود ہیں۔ کچھ کمیونٹی کالج کے کیمپس پر ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ برائے عمر اور بحالی خدمات اہل بچوں کی مدد کر سکتا ہے تاکہ وہ ملازمت حاصل کر سکیں اور اسے برقرار رکھ سکیں یا کالج کی تعلیم حاصل کریں اگر ان کی ملازمت کے اہداف کے لیے ڈگری درکار ہے۔ ولسن ورک فورس اینڈ ریہیبیلیٹیسن سینٹر (WWRC)

کے پاس بھی ایسے پروگرام ہیں جو صنعت، صحت کے پیشوں اور دیگر شعبہ جات کی طرف لے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ذیل میں WWRC کی ویب سائٹ کا لنک دستیاب ہے:

Wilson Workforce and Rehabilitation Center Website آپ کے بچہ/بچی کے لیے بہت سے دستیاب وسائل اور اختیارات موجود ہیں۔

زیادہ تر بالغوں کے لیے ملازمت زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ کیریئر کے لیے منصوبہ بندی کریں، ملازمت کے لیے نہیں۔ ورجینیا میں ملازمت کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ اس سے مراد ہے کہ ورجینیا مسابقتی، مربوط ملازمت کو بطور پہلے انتخاب کے فروغ دیتی اور مدد کرتی ہے؛ دوسرے الفاظ میں، کام کی ایسی جگہ جہاں معذور اور بغیر معذوریوں والے افراد شامل ہیں جہاں وہ مسابقتی تنخواہ وصول کرتے ہیں جو اسی کام کو کرنے والے دیگر افراد وصول کرتے ہیں۔ مسابقتی تنخواہ سے مراد ہے کم از کم تنخواہ کے برابر یا اس سے زیادہ۔

جیسے جیسے آپ کا بچہ/بچی بالغ ہوتا ہے، ہو سکتا ہے وہ اپنے لیے ایسے مقاصد پسند کرے جو اس کے لیے آپ کے پسند کردہ مقاصد کے مطابق نہ ہوں۔ کمیونٹی میں موجود وسائل کو جاننا اور استعمال کرنا اور آپ کے بچہ/بچی کو مدد اور مواقع فراہم کرنا تاکہ وہ سکول کے بعد بہتر نتائج کے لیے اپنی مہارتوں کو استعمال کر سکیں۔

**اصول نمبر 7: جانچ کے اختیارات اور ان کے ڈپلوما/طویل المدت اہداف کے ساتھ تعلقات کو سمجھنا**

IDEA کے تحت شناخت کردہ تمام معذور بچوں کے لیے، IEP ٹیم تعین کرے گی کہ بچہ/بچی ریاست کے احتساب کے نظام میں کس طرح شرکت کرے گا/گی اور سیکشن 504 کے تحت شناخت کردہ بچوں کے لیے 504 کمیٹی بچہ/بچی کی شرکت کا تعین کرے گی۔

بچہ/بچی کی IEP کو لازمی طور پر درج ذیل کے ذریعے بچہ/بچی کی ریاست کے احتساب کے نظام میں شرکت کو واضح کرنا چاہیے۔

- سہولیات کے بغیر سٹینڈرڈآف لرننگ(SOL) میں شرکت (یہ وہ کم از کم توقعات ہیں جن کے بارے میں انہیں معلوم ہونا چاہیے اور انگریزی، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/سماجی سائنس کے کورس یا ہر گریڈ کے اختتام پر کامیاب ہونے کے قابل ہونا چاہیے)۔
- سہولیات کے ساتھ SOL ٹیسٹ میں شرکت۔
- ورجینیا کے جانچ کے متبادل پروگرام (VAAP) میں شرکت (ان بچوں کی کارکردگی کی تشخیص کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو شدید ادراکی معذوری کا شکار ہیں، جو مطابقت والے سٹینڈرڈ آف لرننگ پر کام کر رہے ہیں، جو سٹینڈرڈ آف لرننگ پر منحصر ہے لیکن پیچیدگی اور گہرائی میں کم ہے)۔

معذور بچوں کے تین مختلف قسم کے ڈپلوما اختیارات ہیں۔ بچہ/بچی جس ڈپلومہ کو حاصل کرنے کے لیے کام کرے گا اس کا تعین IEP ٹیم کرے گی۔ جن بچوں نے اپنا نواں گریڈ 19-2018 تعلیمی سال سے قبل شروع کیا، ان کے لیے ڈپلوما اختیارات درج ذیل ہیں۔

- ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ کے لیے بچوں کو 26 کریڈٹس (9 تصدیق شدہ کریڈٹس) حاصل کرنے ہوں گے۔ یہ ڈپلوما ورجینیا کا سب سے اونچا ڈپلوما ہے جو بچوں سے غیر ملکی زبان کے تین سال اور ایڈوانسڈ ریاضی کی کلاسوں کو مکمل کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ چار سال کالج کی تعلیم حاصل کرنے والے خواہشمند بچوں کے لیے یہ بہترین ڈپلوما ہے۔

- سٹینڈرڈ ڈپلومہ کے لیے بچوں کو 22 کریڈٹس (6 تصدیق شدہ کریڈٹس) حاصل کرنے ہوں گے۔ اگرچہ اس ڈپلوما کے ساتھ بچے چار سالہ کالج جا سکتے ہیں، زیادہ بہتر یہ کہ وہ کمیونٹی کالج جائیں یا گریجوئیشن کے بعد کیریئر میں داخل ہوں۔
- اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ صرف ان بچوں کے لیے دستیاب ہے جن میں معذوری شناخت کی گئی ہے جنہوں نے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے تقاضے پورے کیے ہیں مگر اوپر بیان کیے گئے ڈپلوما کی شرائط پر پورا نہیں اترتے۔ اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ 504 پلان والے بچوں کے لیے دستیاب نہیں ہے۔

**2018-19 کے تعلیمی سال اور اس کے بعد نویں گریڈ شروع کرنے والے بچوں کی گریجوئیشن کی شرائط کے لیے اہم فیصلوں کے پوائنٹ 3 ار ضمیمہ 2 ملاحظہ کیجیئے۔**

معذور بچے جو SOL جانچوں میں سہولیات کے ساتھ یا اس کے بغیر شرکت کرتے ہیں اور تصدیق شدہ کریڈٹس حاصل کرتے ہیں، سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کر سکتے ہیں۔ **تاہم، اگر بچہ/بچی VAAP میں شرکت کرتا ہے تو وہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے کے قابل نہیں ہو گا۔** وہ اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کر سکتا/سکتی ہے۔

VAAP میں شرکت کو صرف اس وقت زیر غور لانا چاہیے جب SOL میں شرکت کے بارے میں تبادلۂ خیال ہو چکا ہے تو تمام ممکنہ سہولیات کو مکمل طور پر دیکھ لیا گیا ہے۔

***یہ بہت اہم ہے والدین اس بات کو سمجھیں کہ بچہ/بچی کے نصاب میں ترامیم پر رضامندی کا مطلب ہے کہ ان کا بچہ/بچی وہی تدریسی مواد حاصل نہیں کرے گا جو اس کے ساتھی کر رہے ہیں۔ اس سے مراد ہے کہ بچہ/بچی سٹینڈرڈ امتحانات (جیسے SOL امتحانات) لینے کے لیے مکمل طور پر تیار نہیں ہے جو تصدیق شدہ کریڈٹس دیتے ہیں۔ تصدیق شدہ کریڈٹس کے بغیر بچہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے سے قاصر ہو گا۔***

چونکہ اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ سٹڈیز ڈپلومہ کے مساوی نہیں ہے، اس لیے ایک بچہ/بچی پوسٹ-سیکنڈری مواقعوں جیسے اعلی تعلیم، مالی معاونت، اور ملازمت کے کچھ مواقعوں کا اہل نہیں ہو گا، جن کے لیے ایک معمول کا ہائی سکول ڈپلومہ درکار ہوتا ہے۔

امتحانات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی اس دستاویز کے اختتام پر، *والدین کو ریاست کے امتحانات کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے*، کے نام سے ضمیمہ ملاحظہ کیجیئے۔

**اصول نمبر 8: ڈپلوما اختیارات اور ان کے پوسٹ سیکنڈری اہداف کے ساتھ تعلقات کو سمجھنا**

سکول میں اپنے بچہ/بچی کے وقت کو ایک تعلیمی سفر اور کیریئر کو اس سفر کی حتمی منزل کے طور پر سوچیں۔ سب سے پہلے، آپ کو طے کرنا ہے کہ آپ کو کہاں جانا ہے اور پھر وہاں پہنچنے کے بہترین راستے کا نقشہ بنانا ہے۔ اگر آپ کی منزل کیریئر ہے تو پھر **ڈپلوما** آپ کی منزل تک پہنچنے کی گاڑی ہے۔ آخری کام جو آپ کرنا چاہیں گے وہ سفر کی منصوبہ بندی ہے اور پھر آپ کو احساس ہو کہ وہاں پہنچنے کے لیے آپ کے پاس ضروری ٹرانسپورٹیشن نہیں ہے۔ اسی طرح، آپ کا بچہ/بچی

ہائی جو ڈپلوما چنتا/چنتی ہے اور ہائی سکول اور ہائی سکول کے بعد کورس چنتا/چنتی ہے، اسے کیریئر کے مطابق ہونا چاہیے تاکہ سفر میں کم از کم رکاوٹیں آئیں اور راستہ بدلنا آسان ہو۔

اختتام کو ذہن میں رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کریں۔ جب بچہ/بچی کو معلوم ہے کہ اسے کون سا پیشہ چننا ہے تو یہ اہم ہے کہ وہ ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے مڈل اور ہائی اسکول میں ضروری کورس چنے جو اسے اس پیشے کے لیے بہترین طریقے سے تیار کرے۔ سکول کونسلر اور IEP ٹیم اس منصوبہ بندی میں اہم شراکت دار ہوں گے۔ آپ کے بچہ/بچی کو اپنے لیے بہترین پیشہ چننے کے لیے کون سی معلومات اور وسائل درکار ہوں گے؟ بچوں اور نوجوان کی پیشوں کو جاننے میں مدد کے لیے بہت سی کیریئر سے متعلق معلومات اور وسائل دستیاب ہیں اور آپ کا بچہ/بچی پیشوں کی تلاش میں اسی وقت مشغول ہو جاتا/جاتی ہے جب وہ کمرۂ جماعت میں داخل ہوتا/ہوتی ہے۔

ایلیمنٹری اور مڈل سکول میں رہتے ہوئے آپ کا بچہ/بچی پیشوں کے اجتماع اور راستے (CTE کیریئر اجتماع) کی تلاش کرتا/کرتی ہے اور ایک تعلیمی اور پیشہ ور منصوبہ بناتا/بناتی ہے۔ وہ منصوبہ آپ کے بچہ/بچی کے اہداف تک پہنچنے میں مدد کے لیے راستے کا کام کرتا ہے۔ آپ کا بچہ/بچی پیشوں کی تحقیقات میں بھی تدریس وصول کرے گا/گی۔ یہ تدریس مختلف سکولوں میں مختلف طریقوں سے دی جائے گی مگر آپ کا بچہ/بچی پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور پیشوں کے بارے میں اہم مہارتیں سیکھیں گے جن میں درج ذیل شامل ہیں: کام کی جگہ کی مہارتیں، ٹیم کے ساتھ کام کرنے کی مہارتیں، پیشوں کے اجتماع اور راستے، قلیل اور طویل المدت اہداف کی شناخت، عوام میں بولنے کی مہارتیں، اور خود کی وکالت کرنے کی حکمت عملیاں۔ وہ لیبر مارکیٹ کے مواد کا بھی جائزہ لیں گے، دلچسپیوں کی جانچ مکمل کریں گے اور اس تدریس کے ذریعے تعلیمی اور پیشوں کا منصوبہ بنائیں گے۔

جب آپ کا بچہ/بچی بہت چھوٹا ہے تو اپنے سکول کونسلر سے اپنے بچہ/بچی کے پیشے کے اہداف کے لیے بہترین ڈپلوما کے اختیار کے بارے میں لازمی بات کریں، پھر ملازمت کے بارے میں ضروری معلومات اکٹھی کرنا شروع کریں کہ اس ملازمت کے لیے بہترین طریقے سے تیار ہونے کے لیے کون سے کورس درکار ہیں۔ یہ تمام معلومات تعلیمی اور کیریئر منصوبے میں درج کریں اور اکثر (سال میں کم از کم ایک مرتبہ) منصوبے کا جائزہ لیں تاکہ تسلی کر سکیں کہ آپ کا بچہ/بچی صحیح راستے پر ہے۔ **یاد رکھیں اگر آپ نے ایپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ کو چنا تو یہ اگر ناممکن نہیں تو بہت مشکل ہو گا کہ بعد میں کورس کو تبدیل کیا جا سکے۔**

## اصول نمبر 9: نصاب کی ترامیم بمقابلہ سہولیات کو سمجھنا

"سہولیات" اور "ترامیم" کی کی اصطلاحات وہ دو لفظ ہیں جنہیں بہت سے لوگ ایک دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ خصوصی تعلیم میں، تاہم، اس بات کو سمجھنا بہت اہم ہے کہ ان اصطلاحات کی بالکل مختلف تعریفیں ہیں۔ آپ کے بچہ/بچی کے میں "ترمیم" کو ایک "سہولت" کی سمجھنا سے مراد وہی فرق ہے جو آپ کے بچہ/بچی کا سٹینڈرڈ ڈپلوما لینے کے قابل ہونا اور سٹینڈرڈ ڈپلوما نہ لینے کے قابل ہونے کے درمیان ہے۔

**سہولیات** معذور بچہ/بچی کے لیے مختلف توقعات قائم کیے بغیر مطابقت فراہم کرتی ہیں۔ سہولیات عمومی نصاب تک رسائی حاصل کرنے کی معاونت میں مدد دیتی ہیں۔ یہ پڑھائے جانے والے مواد کو تبدیل نہیں کرتا، بلکہ بچوں کو دی جانے وای تدریس کے طریقے یا حکمت عملیوں میں تبدیلی کی جاتی ہے۔ بچے سہولیات وصول کر سکتے ہیں اور سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹینڈرڈ ڈپلوما حاصل کرنے کے لیے تیار اور قابل ہو سکتے ہیں۔

**ترامیم** تقاضا کرتی ہیں کہ معذور بچے ان کاموں کو انجام دیں جو باقی جماعت سے مختلف ہے۔ مواد یا کام کو گہرائی اور پیچیدگی میں کم کر دیا جاتا ہے۔

***یاد رکھیں اگر آپ کا بچہ/بچی ترمیم شدہ نصاب پر ہے، بہت کم ممکن ہے کہ وہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ ڈپلوما حاصل کرے، جو اس کی پوسٹ سیکنڈری اور ملازمت کے اختیارات کو محدود کر دے گا۔***

## اہم فیصلوں کے مواقعوں

**ذیل میں آپ اپنے بچہ/بچی کے تعلیمی سفر کے دوران کرنے والے فیصلوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ معلومات کہ آپ وہ فیصلے کب کریں گے اور IEP ٹیم کے ساتھ بات کرنے سے متعلق سوالات کے کے بارے میں سفارشات۔**

1. **میرے بچہ/بچی کے لیے IEP یا 504 منصوبہ، کون سا منصوبہ زیادہ بہتر ہو گا؟**

IEP کی اہلیت کا انحصار معذور افراد کا تعلیمی ایکٹ (IDEA) میں شناح کی گئی معذوریوں کے چودہ زمروں پر ہے۔ IDEA کے تحت ایک معذور بچہ/بچی کے طور پر اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ بچہ/بچی کی کمزوری اس کی تدریس پر اثرانداز ہو رہی ہو اور اسے خصوصی تدریس کی ضرورت ہو۔ اگر بچہ/بچی ان معذوریوں میں سے کسی ایک پر پورا اترتا ہے تو IEPتیار کی جائے گی جو خصوصی تعلیمی خدمات فراہم کرتی ہے۔ ایک IEP کو لازمی طور پر کچھ مخصوص شرائط پر پورا اترنا ہو گا جن کی ورجینیا کے خصوصی تعلیمی ضوابط میں شناخت کی گئی ہے۔ اگر IDEA کے تحت فراہم کیے گئے تحفظات کے اضافے میں، ایک بچہ/بچی کو *بحالی کا ایکٹ برائے 1973* کے سیکشن 504 کے تحت آنے والی خدمات کی بھی ضرورت ہے تو ان خدمات کو IEP میں شامل کیا جائے گا اور اس بچہ/بچی کو صرف ایک منصوبہ فراہم کیا جائے گا۔

504 منصوبہ *بحالی ایکٹ* برائے 1973 کے تحت اہلیت پر مبنی ہے، IDEA پر نہیں۔ ایک بچہ/بچی اس حیثیت کے تحت معذور طالبعلم/طالبہ شناخت کیا جا سکتا ہے اگر اس کی ذہنی یا جسمانی کمزوری اسے زندگی کی کسی بڑی سرگرمی سے روکتی ہے۔ IDEA کے تحت محدود زمروں کی نسبت 504 منصوبہ ایسے بہت سے بچوں کو فراہم کیا جاتا ہے جو ذہنی یا جسمانی طور پر کمزور ہیں۔ زندگی کی محدود سرگرمیوں میں بہت سے محدود سرگرمیاں شامل ہیں جیسے سیکھنا، مطالعہ، توجہ، کھانا، چلنا، اور بہت سی دیگر۔ اگر بچہ/بچی کو ان سرگرمیوں میں اتنی مشکلات ہیں تو 504 منصوبے میں سہولیات اور خصوصی تعلیمی خدمات شامل ہو سکتی ہیں۔

اہلیت کے سارے عمل کے دوران والدین کی رائے بہت اہم ہے تاکہ اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ بچہ/بچی کے لیے اگر کوئی منصوبہ ہے تو اس کی کون سی قسم مناسب ہو گی۔

**کیا مدنظر رکھا جائے:** آپ کے بچہ/بچی کی ابتدائی اہلیت کی ملاقات یا بعد کی ملاقاتوں میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہے۔

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

جب سہولیات یا خدمات کی اہلیت کا تعین کیا گیا تو کون سی کمزوری یا معذوری کو مدنظر رکھا گیا؟

کیا اس کے علاوہ ضرورت کے کوئی اور اضافی شعبے ہیں جن کو میرے بچہ/بچی کے لیے مدنظر رکھا جانا چاہیے؟ اگر ممکنہ ضرورت کے اضافی شعبے ہیں تو اس بات کا جائزہ لینے کے لیے کہ اگر میرے بچہ/بچی کو ان شعبوں میں خدمات کی ضرورت ہے، کیا اضافی ٹیسٹنگ کی ضرورت پڑے گی؟

میں سکول کی طرف سے کون سی معلومات (پروگریس رپورٹس) وصول کروں گا/گی جو مجھے یہ سمجھنے میں مدد دیں کہ اگر میرا بچہ/بچی مناسب ترقی کر رہا/رہی ہے؟

میرے بچہ/بچی کی ترقی کا جائزہ لینے اور 504 منصوبے یا IEP کی تجدید کے لیے ایک دوسری ملاقات کب کی جائے گی؟ اگر مجھے اپنے بچہ/بچی کے تعلیمی اہداف کو پورا کرنے میں اپنے بچہ/بچی کی ترقی کے بارے میں خدشات ہیں تو میں ایک ملاقات کرنے کی درخواست کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟ **میرا پری سکول جانے والا بچہ/بچی ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) وصول کرے گا/گی یا ایک انفرادی خدمات کا منصوبہ (ISP)؟**

عام طور پر والدین اپنے بچہ/بچی کے ابتدائی بچپن کے پروگرام بشمول چائلڈ کیئر اور/یا پری سکول میں شرکت کے بارے میں فیصلہ کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ بچہ دن کا کچھ حصہ چائلڈ کیئر میں گزارے یا تمام دن۔ پری سکول کے بارے میں اس وقت غور کیا جاتا ہے جب وہ تین یا چار سال کا ہوتا/ہوتی ہے۔ بچہ/بچی کے لیے مخصوص چائلڈ کیئر یا پری سکول کے انتخاب کی وجوہات مختلف اور ذاتی ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک خاندان والد یا والدہ کے کام کی جگہ کی نزدیکی کی وجہ سے ایک چائلڈ کیئر چنیں جبکہ دوسرا خاندان اس سینٹر کو چنیں جہاں دوسرے بہن بھائی جاتے ہیں۔

جب بچپن کے ابتدائی پروگرام میں شرکت کے بارے میں فیصلہ کیا جاتا ہے تو والدین کو عام طور پر معلوم نہیں ہوتا کہ ان کے بچہ/بچی کو کوئی معذوری ہے۔ بچپن کا ابتدائی پروگرام کی قسم اور پروگرام کی جگہ دونوں اہم ہیں اور بچہ/بچی کی خدمات پر اثر ڈال سکتی ہیں، جس کے بارے میں پتہ چلتا ہے کہ وہ خصوصی تعلیمی اور متعلقہ خدمات کا/کی اہل ہے، اسے وصول کرنے کے قابل ہو سکتا ہے۔ اس بات کو بہتر طریقے سے سمجھنے کے لیے کہ یہ آپ کے بچہ/بچی کو وصول ہونے والی خدمات پر کیسے اثرانداز ہوتا ہے، چلیئے ایک ISP اور ایک IEP کا موازنہ کرتے ہیں۔

سکول ڈویژنوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے ان معذور بچوں کو مساوی خدمات کے لیے تلاش کریں، شناخت، تشخیص کریں، اور IDEA کا حصہ مناسب طور پر خرچ کریں جو ڈسٹرکٹ میں موجود نجی سکولوں کے ساتھ ساتھ مذہبی، ایلیمنٹری، اور سیکنڈری سکولوں میں داخل ہیں۔ جب سکول ڈویژن والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے نجی سکولوں میں معذور بچوں کو خدمات سے متعلق فیصلے کرتے ہیں تو ان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے علاقے کے نجی سکولوں سے مشاورت کریں۔ ان بچوں کو موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات میں ISP کے ذریعے مساوی شرکت کریں۔ وہ مخصوص خصوصی تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات بیان کرتا ہے جو سکول ڈویژن بچہ/بچی کو فراہم کرتی ہے۔ سکول ڈویژن کے پاس ان مساوی خدمات کے لیے محدود بجٹ ہوتا ہے اور وہ اس بات کا تعین کرنے کے قابل ہوتے ہیں کہ نجی سکولوں میں والدین کے ذریعے داخل کرائے گئے معذور بچوں کو کون سی خصوصی تعلیم اور/یا متعلقہ خدمات فراہم کی جائیں گی۔

یہ ایک ISP اور ایک IEP کے درمیان کچھ مماثلتیں اور اختلافات ہیں۔ ISP کو لازمی طور پر IEP ٹیم اور والد یا والدہ کی شرکت سے متعلق شرائط کے ساتھ تیار کیا جانا، جائزہ لیا جانا اور دہرایا جانا چاہیے؛ تاہم، ایک ISP عام طور پر بچہ/بچی کو محدود خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، ایک ISP والا بچہ/بچی ہر دوسرے ہفتے سپیچ تھراپی وصول کرنے کا اہل ہو سکتا/سکتی ہے۔ دوسری طرف ایک IEP بچہ/بچی کو مفت اور مناسب سرکاری تعلیم فراہم کرتا ہے اور اسے زیادہ جامع تعلیمی خدمات فراہم کرتا ہے۔

بچہ/بچی چاہے IEP یا ISP کا اہل ہو، اس کا انحصار دو بنیادی عوامل پر ہے۔

1. اپنے بچہ/بچی کے بچپن کے ابتدائی پروگرام کی قسم پر غور کریں۔ اگر پروگرام کو پری سکول سمجھا جاتا ہے اور اس کا ایسا نصاب ہے جس میں ترقیاتی سرگرمیاں (جیسے ابتدائی خواندگی، ابتدائی ریاضی، اور ماحول کا تجسس) شامل ہیں تو یہ نجی ایلیمنٹری سکول کی تعریف پر پورا اترتا ہے۔ بہت سے پری سکولوں کے پاس ایسا نصاب ہو گا جو ابتدائی تعلیمی مہارتوں پر توجہ دیتا ہے اور انہیں نجی سکول سمجھا جائے گا۔ چائلڈ کیئر سینٹر عام طور پر دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں اور ان کے پاس ایسا نصاب نہیں جو ابتدائی تعلیم پر توجہ دے؛ لہذا، وہ نجی سکول کے طور پر اہل نہیں ہوتے۔

2. ابتدائی بچپن کے پروگرام کے مقام پر غور کریں اور آیا یہ پروگرام اسی شہر یا کاؤنٹی میں ہے جہاں آپ کے والدین رہتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ/بچی آپ کے شہر یا کاؤنٹی سے باہر پری سکول (اور اسے نجی سکول سمجھا جاتا ہے) میں ہے اور خصوصی تعلیمی خدمات کا اہل ہے تو وہ IEP کی بجائے ISP وصول کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ/بچی ابتدائی بچپن کا پروگرام میں جاتا ہے اور اسے ایک معذور بچہ/بچی سمجھا جاتا ہے اور وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کا اہل ہے، تو تسلی کریں کہ آپ اپنے بچہ/بچی کی ٹیم سے بات کریں اور یقین دہانی کریں کہ آپ ان خدمات کو سمجھیں جو آپ کا بچہ/بچی وصول کر سکتا ہے۔

**کیا مدنظر رکھا جائے:** جب آپ اپنے بچہ/بچی کے ڈے کیئر/پری سکول میں داخلے کے بارے میں فیصلے کر رہے ہیں۔

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

میرے بچہ/بچی کو وصول ہونے والی IEP خدمات کون سی ہیں بمقابلہ میرا بچہ/بچی جو ISP خدمات وصول کرے گا/گی؟

میرا بچہ/بچی ISP کے مقابلے میں IEP کی وصول ہونے والی خدمات کب کب وصول کرے گا؟

میرے بچہ/بچی کو کیا فائدہ ہو گا اگر وہ IEP کی بجائے ISP کے فوائد حاصل کرتا ہے؟

اگر میرا بچہ/بچی ISP وصول کرتا ہے اور میں مطمین نہیں ہوں، کیا میں IEP کے نفاذ کے لیے سکول تبدیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

2. **ہمارے بچہ/بچی کو پوسٹ سیکنڈری اہداف حاصل کرنے کے لیے کون سا ڈپلوما مدد کرے گا؟**

VDOE بچوں کے لیے بہت سے ڈپلوما کے اختیارات کی پیشکش کرتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ کے بچہ/بچی کے مستقبل کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے بہترین ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے ایلیمنٹری اور مڈل سکول میں ہر اور طے شدہ اہداف کی شرائط کو جانا جائے۔ ریاستی جانچوں میں شرکت آپ کے بچہ/بچی کی ڈپلوما کے مختلف اختیارات میں اہلیت کا تعین کرے گی۔ **ریاست کے امتحانات سے متعلق اہم معلومات اس دستاویز کے ضمیمہ 1 میں شامل ہیں۔**

- ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ بچوں سے 26 کریڈٹس اور 9 تصدیق شدہ کریڈٹس حاصل کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ اس ڈپلوما کے لیے بچے ایک غیر ملکی زبان کے تین سال اور الجبرا II مکمل کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ چار سال کالج کی تعلیم حاصل کرنے والے خواہشمند بچوں کے لیے یہ بہترین ڈپلوما ہے۔

- سٹینڈرڈ ڈپلوما بچوں سے 22 کریڈٹس اور چھ تصدیق شدہ کریڈٹس حاصل کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ اگرچہ اس ڈپلوما کے ساتھ بچے چار سالہ کالج جا سکتے ہیں، زیادہ بہتر یہ کہ وہ کمیونٹی کالج جائیں یا گریجوئیشن کے بعد کیریئر میں داخل ہوں۔
- ایلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ صرف ان بچوں کے لیے دستیاب ہے جن میں معذوری شناخت کی گئی ہے جنہوں نے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے تقاضے پورے کیے ہیں مگر اوپر بیان کیے گئے ڈپلوما کی شرائط پر پورا نہیں اترتے۔

ورجینیا محکمۂ تعلیم کے پیش کیے گئے دیگر ڈپلوما یا سرٹیفکیٹ درج ذیل ہیں:

- جنرل اچیومنٹ اڈلٹ ہائی سکول ڈپلوما ان افراد کے لیے ہے جن کی عمر کم از کم 18 سال ہے اور وہ سرکاری سکول میں داخل نہیں یا بصورت دیگر ضابطۂ اخلاق میں طے کردہ سکول کی لازمی حاضری کی شرائط پر پورے نہیں اترتے۔ شرائط کے لیے عمومی کامیابی کا بالغاں کا ہائی سکول ڈپلوما (GAAHSD) پروگرام ملاحظہ کیجیئے۔
- جنرل ایجوکیشن ڈویلپمنٹ (GED) بچوں کے لیے دستیاب ہے اور چار ٹیسٹوں کی سیریز پر مشتمل ہے جو ان مہارتوں کی جانچ کرتی ہے جو ہائی سکول کی تعلیم کے بڑے نتائج پر غور کرتی ہے۔ ٹیسٹوں میں کے سوالات تجزیے، تشخیص اور نتائج نکالنے کے لیے عمومی قابلیتوں پر توجہ دیتے ہیں۔ شرائط کے لیے عمومی تعلیمی ترقی (GED) سرٹیفکیٹملاحظہ کیجیئے۔
- جو بچے مقامی سکول بورڈ کے تحت تجویز کردہ پروگرام برائے سٹڈیز مکمل کرتے ہیں مگر ڈپلوما کے لیے اہل نہیں ہیں، ان کے لیے پروگرام مکمل کرنے کا سرٹیفکیٹ دستیاب ہے۔

بالغوں کے پروگراموں اور ڈپلوما سمیت اضافی معلومات اضافی پروگرام اور ڈپلوما معلومات پر تلاش کی جا سکتی ہیں۔

براہ مہربانی نوٹ کیجیئے:

اوپر دی گئی ڈپلوما کی شرائط 22-2021 میں گریجویٹ ہونے والے بچوں کے لیے ہیں۔ 19-2018 کے تعلیمی سال میں پہلی مرتبہ نویں گریڈ میں داخل ہونے والوں کے لیے نئی شرط ہے جو ہر ڈپلوما کے لیے تصدیق شدہ کریڈٹس کی شرط کو کم کر کے پانچ کر دے گا۔ **شرائط کے بارے میں معلومات اس دستاویز کے ضمیمہ 2 میں چارٹس میں شامل ہیں۔**

**ایلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ (بچوں سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ اپنی IEP کی شرائط مکمل کریں)**

ایلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ وہ ڈپلوما ہے جو صرف ان بچوں کے لیے دستیاب ہے جن میں معذوری شناخت کی گئی ہے جنہوں نے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) کے تقاضے پورے کیے ہیں اور ضوابط کی شرط کی تکمیل میں بورڈ آف ایجوکیشن کے تجویز کردہ مخصوص شرائط پوری کرتے ہیں مگر اوپر بیان کیے گئے ڈپلوما کی شرائط پر پورا نہیں اترتے۔

ایلائیڈ سٹڈیز نصاب کا نقشہ
(http://www.doe.virginia.gov/instruction/graduation/applied_studies/applied-studies-curriculum-map.pdf) ایک رہنمائی، اور چھ حصّوں پر مشتمل ہے جو ان مہارتوں اور قابلیتوں پر مشتمل ہے جو

IEP ٹیم بچوں کو مدد دینے کے لیے اضافی تدریس کے لیے ضروریات کی شناخت کے لیے استعمال کر سکتی ہے تاکہ ان کی پوسٹ سیکنڈری اہداف کو پورا کیا جا سکے۔ اس دائرے میں انگریزی، ریاضی، سائنس، تاریخ اور سماجی سائنس، ملازمت، اور آزادانہ زندگی شامل ہیں۔

**کیا مدنظر رکھا جائے:** ایلیمنٹری سکول میں۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ اپنے بچہ/بچی کے ڈپلوما اختیارات کے بارے میں میں اسی وقت سوچنا شروع کر دیں جب وہ سکول میں داخل ہو اور پورے تعلیمی کیریئر کے دوران اس پر غور کرتے رہیں۔ آپ کا بچہ/بچی جو ڈپلومہ حاصل کرے کرے، ایسا ہونا چاہیے جو اس کے ہائی سکول کے بعد کی زندگی کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے مناسب ہو۔ اگرچہ ڈپلومہ حاصل کرنے سے متعلق آپ کبھی بھی اپنا ذہن تبدیل کر سکتے ہیں، آپ ان تمام اختیارات کو دیکھنا چاہیں گے تاکہ ممکن ترین اعلی ڈپلومہ حاصل کرنے کے ہدف کو برقرار رکھ سکیں۔ آپ کے بچہ/بچی کی معذوری کو مدنظر رکھتے ہوئے ہو سکتا ہے کہ آپ محسوس کریں کہ وہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل نہیں کر سکتا/سکتی یا کالج نہیں جا سکتا/سکتی۔ تاہم، ابتدائی سالوں میں مضبوط توقعات رکھنا آپ کے بچہ/بچی کو اس کے اعلی طاقت کو حاصل کرنے میں مدد دے گی۔ مستقبل کی کامیابی کے لیے والدین اور سکول سٹاف دونوں کی اعلی توقعات بہت اہم ہیں۔ بہت سے شدید معذوریوں والے بچے سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے کے قابل ہوتے ہیں جب وہ ضروری سہولیات وصول کرتے ہیں۔ آپ کبھی بھی بعد میں کورس تبدلی کر سکتے ہیں۔

مڈل اسکول بھی بہت اہم ہے کیونکہ منتقلی کا منصوبہ اور تعلیمی اور کیریئر منصوبہ یہاں زندہ ہیں، دستاویزات پر کام کرتے ہوئے جو آپ کو آپکے اہداف کو پورا کرنے کے لیے راستے پر رکھتے ہیں اور انہیں دیکھتے رہنا چاہیے اور برقرار رکھا جانا چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ اپنی مطلوبہ منزل پر پہنچ سکیں۔ تاہم، یاد رکھیں کہ ہو سکتا ہے کہ اپلائیڈ سٹڈیز ڈپلومہ سے سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ کی طرف منتقل ہونے کے لیے مڈل سکول میں بہت دیر ہو گئی ہو۔ کسی دوسری طرف منتقل ہونے کے لیے دیر نہیں ہے اگر آپ مناسب طور پر طے کریں۔

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

میرے بچہ/بچی کی ریاستی جانچ میں شرکت کے بارے میں ایلیمنٹری سکول میں کیے گئے فیصلے کس طرح اس کو دستیاب ڈپلوما اختیارات کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں؟

ڈپلومہ حاصل کرنے کے اختیارات کے بارے میں فیصلہ کرتے وقت مجھے کون سے عوامل کو مدنظر رکھنا چاہیے؟

وہ آخری وقت کون سا ہے جب میں اپنے بچہ/بچی کے ڈپلومہ اختیار کے بارے میں اپنا ذہن تبدیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

کریڈٹ کی سہولیات کس طرح میرے بچہ/بچی کو سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے میں مدد دیں گی؟

مڈل سکول میں لیے گئے کون سے کورس میرے بچہ/بچی کو ہائی سکول کریڈٹ حاصل کرنے میں مدد کریں گے؟

اگر میرے بچہ/بچی کے مڈل سکول کے اس کورس میں اچھے نمبر نہیں آئے جو ہائی سکول کریڈٹ کی طرف شمار ہوتے ہیں، مجھے کون سا طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ میں اس بات کی تسلی کر سکوں کہ وہ ہائی سکول کے ٹرانسکرپٹ پر ظاہر نہ ہوں؟

انڈسٹری سرٹیفکیٹ کیا ہے اور کیا میرے بچہ/بچی کو اسے حاصل کرنے کی ضرورت ہے؟ **میرے بچہ/بچی کا IEP کب نافذ العمل ہو گا؟**

سب سے پہلے، یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ آپ کے بچہ/بچی کے داخلے کے بارے میں فیصلے IEP ٹیم کرتی ہے۔ آپ، بطور اپنے بچہ/بچی کے والد یا والدہ کے، دیگر اراکین کی طرح اس ٹیم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پوری ٹیم آپ کے بچہ/بچی کی انفرادی ضروریات اور اس کو درکار مدد کے درجوں کی بنیاد پر اس کے داخلے کے فیصلے کے لیے ملے گی، اختیارات پر تبادلہ خیال کرے گی۔

داخلے کے تعین کے وقت، IEP ٹیم کو لازمی طور پر کم از کم پابند ماحول (LRE) اور داخلے کی مختلف اقسام پر غور کرنا چاہیے جو آپ کے بچہ/بچی کو ایک مناسب تعلیمی پروگرام فراہم کرے۔ ٹیم کو غور کرنے والے ہر داخلے اور اس داخلے کی انتخاب کی وجوہات کو شناخت کرنا چاہیے۔ عمومی تعلیمی کمرۂ جماعت کو کم پابند ماحول اور آزادانہ خصوصی تعلیم کو زیادہ پابند ماحول تصور کیا جاتا ہے۔

## LRE-داخلے کا تسلسل

ہر سکول ڈویژن کو، ہر معذور بچہ/بچی کو لازمی طور پر ایک وسیع بنیاد پر یا تسلسل کے ساتھ، متبادل داخلہ فراہم کرنا چاہیے جس کا ایک مناسب پروگرام ہے۔ اس تسلسل میں درج ذیل شامل ہیں:

- عمومی تعلیمی کلاسیں
- خصوصی تعلیمی کلاسیں
- خصوصی تعلیمی سکول (نجی/رہائشی)
- والدین کا گھر میں تدریس فراہم کرنا
- گھر تک محدود تدریس ایسی تدریس ہے جو بچوں کو اس وقت دستیاب ہوتی ہے جب وہ مخصوص وقت کے لیے سکول میں باقاعدگی سے نہیں جا سکتے؛ اور اس کا انحصار لائسنس یافتہ ڈاکٹر یا کلینیکل سائیکالوجسٹ کے سرٹیفکیشن پر ہوتا ہے
- ہسپتالوں اور اداروں میں تدریس بشمول ریاستی عمارتوں کے

**متبادل داخلوں کے اس تسلسل میں درج ذیل شامل ہے:**

- لازمی اضافی خدمات فراہم کی جانی چاہیں، جیسے وسائل کا کمرہ یا خدمات یا سفری تدریس، عمومی تعلیم کی کلاسوں کے ساتھ فراہم کی جاتی ہیں؛
- لازمی طور پر مربوط خدمات کی فراہمی ہونی چاہیے، جو اس وقت ہوتی ہے جب آپ کے بچہ/بچی کے IEP کے کچھ یا تمام مقاصد اس کی عمر کے بچوں کی عمومی تعلیم کی کلاسوں میں پورے ہوتے ہیں؛
- لازمی طور پر آپ کے بچہ/بچی کی انفرادی ضروریات کی بنیاد پر ہونا چاہیے، کوئی ایک انفرادی ماڈل معذور بچوں کی مخصوص آبادی یا زمرے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا؛
- ہر متبادل کی شناخت کے ذریعے دستاویزی ثبوت ہونا چاہیے اور چنے گئے داخلے کی وجوہات؛ اور
- لازمی طور پر اسی عمر کے بچوں کے ساتھ پروگرام پیش کیا جانا چاہیے، اگر مناسب ہو۔

اس مقصد کے لیے کہ آپ کا بچہ/بچی سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹینڈرڈ ڈپلوما کے ساتھ گریجویٹ ہو، آپ کے بچہ/بچی کو لازمی طور پر عمومی تعلیمی نصاب تک رسائی دستیاب ہونی چاہیئے۔ آپ کے بچہ/بچی کو سٹینڈرڈ آف لرننگ کی بنیاد پر پڑھایا اور جانچا جانا چاہیے قطع نظر اس کے کہ اس کی سیٹنگ کیا ہے جس میں بچہ/بچی تعلیمی خدمات وصول کرتا/کرتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ/بچی عمومی نصاب اور مواد کے معیارات تک رسائی کے لیے معاونت اور سہولیات وصول کرے۔

معیارات تعلیم مواد کے کی رہنمائی ہیں جو آپ کے بچہ/بچی سے ہر گریڈ میں سیکھنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ مطالعہ، ریاضی، سائنس، اور سماجی علوم پر لاگو ہوتی ہیں۔ **ترامیم** ان توقعات کو تبدیل کرتی ہیں۔

***یہ تعین کرنا بہت اہم ہے اگر آپ کے بچہ/بچی کا نصاب، اسائنمنٹس یا جانچ میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔ بچہ/بچی کے نصاب میں تبدیلی سے مراد ہے کہ آپ کا بچہ/بچی اپنے ہم جماعتوں جیسا تدریسی مواد وصول نہیں کرے گا/گی۔ ترمیم شدہ نصاب سے مراد ہے کہ آپ کا بچہ/بچی SOL امتحانات لینے کے لیے مکمل طور پر تیار نہیں ہے جو تصدیق شدہ کریڈٹس دیتے ہیں۔ آپ کا بچہ/بچی تصدیق شدہ کریڈٹس کے بغیر سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ ڈپلوما حاصل نہیں کر سکتا/سکتی۔***

**ترامیم کی مثالیں**

نصاب میں ترامیم بچہ/بچی کو درج ذیل کی اجازت دیتا ہے:

- مختلف مواد سیکھتا/سیکھتی ہے (جیسے وہ ضرب دینے پر کام جاری رکھیں جبکہ ان کے ہم جماعت کسور پر کام شروع کر دیں)
- گریڈ یا جانچ کرتے وقت، اپنے ہم جماعتوں کے لیے استعمال ہونے والے سٹینڈرڈ کے علاوہ مختلف سٹینڈرڈ استعمال کیے جائیں۔
- مخصوص پراجیکٹس سے غیرحاضر ہو سکیں۔

اسسائنمنٹ میں ترامیم بچہ/بچی کو درج ذیل کی اجازت دیتا ہے:

- ہم جماعتوں کے مقابلے میں کم یا مختلف ہوم ورک مکمل کریں
- مختصر مضمون لکھیں
- ٹیسٹ سوالات کے مختصر یا مختلف جواب دیں
- متبادل پراجیکٹس یا اسائنمنٹس تیار کریں

ترامیم اور سہولیات کی مزید مثالوں کے لیے PACER (منیسوٹا کے لیے والد یا والدہ کی تربیت اور معلومات) سے درج ذیل دستاویز ملاحظہ کریں **PACER ترامیم اور سہولیات**

**کیا مدنظر رکھا جائے:** پہلی اور بعد میں آنے والی ہر IEP ملاقات پر

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**
کیا میرے بچہ/بچی کو کم از کم پابند ماحول میں تعلیم دی جائے گی؟ داخلے کے اس فیصلے کے اعتبار سے کون سے عوامل پر غور کیا جائے گا اور بوقت ضرورت انہیں دوبارہ زیر غور لایا جا سکتا ہے؟

کیا میرا بچہ/بچی عمومی نصاب تک رسائی حاصل کر رہا/رہی ہے اور کیسے؟

کیا میرا بچہ/بچی عمومی نصاب میں شرکت کر رہا/رہی ہے اور SOL ٹیسٹ لے رہا/رہی ہے؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

میرے بچہ/بچی کے میں کون سی سہولیات دی گئی ہیں اور کمرۂ جماعت میں انہیں کون دے گا اور اگر مناسب ہو تو، ریاستی جانچ کے دوران کون دے گا؟

کیا ان سہولیات کو عمومی تعلیمی سیٹنگ میں لے جایا جا سکتا ہے؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟ کیا کوئی دوسری سہولیات ہیں جن کو عمومی تعلیمی سیٹنگ میں استعمال کیا جا سکتا ہے؟

کیا میرے بچہ/بچی کا نصاب ترمیم شدہ ہے اور گریجویشن کے وقت یہ کس طرح اس کے ڈپلوما کے اختیارات پر اثرانداز ہو گا؟

کیا میرا بچہ/بچی اس کی موجودہ داخلے میں سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ کی شرائط پوری کرنے کے قابل ہو گا/گی؟

اگر میرے بچہ/بچی کو مخصوص خدمات کے لیے کمرۂ جماعت سے الگ کیا جاتا ہے تو کیا وہ اس کے عمومی نصاب تک رسائی حاصل کرنے کی صلاحیت پر اثرانداز ہو گا اور کیا اسے کم کیا جا سکتا ہے؟

کیا یہ ایسا داخلہ ہے جو میرے بچہ/بچی کے طرز عمل کی ضروریات کو پوری کرنے پر توجہ دے گا، کیا میرا بچہ/بچی اپنے ہوم سکول واپس آنے کے قابل ہو گا؟ اگر ایسا ہے تو کب؟ ہم ایک مؤثر منتقلی کی منصوبہ بندی کیسے کریں گے تاکہ جب میرا بچہ/بچی واپس آئے وہ کامیاب ہو؟

3. **میں اہلیت کی ٹیم/IEP کے فیصلے سے اختلاف کرتا/کرتی ہوں؟ مجھے آگے کیا کرنا چاہیے؟**

اگر آپ اور سکول ڈویژن ایسے مقام پر پہنچ جائیں جہاں آپ اتفاق نہ کریں اور آگے بڑھنا مشکل ہو، ورجینیا محکمۂ تعلیم کے ذریعے ذیل میں مسئلے کے حل کے لیے کچھ دستیاب اختیارات دیئے گئے ہیں۔

- جب والدین اور سکول سٹاف بات چیت میں ہے تو **مصالحت** مدد کر سکتا ہے۔ ایک ثالث مسائل کی وضاحت کے لیے ملاقات بلوا سکتا اور کر سکتا/سکتی ہے، بچہ/بچی کی ضروریات پر توجہ دیتے ہوئے، اور رازدارانہ ماحول میں ممکنہ حل کی تلاش اور تشخیص کر سکتا ہے۔

- **باضابطہ سماعت** میں سماعتی افسر ایک غیر رسمی انتظامی سماعت کا طریقہ استعمال کرتا ہے اور خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کے لیے بچہ/بچی کی اہلیت، معذور بچہ/بچی کی تشخیص، بچہ/بچی کی خدمات اور/یا داخلے کی مناسب تقرری، یا مفت مناسب سرکاری تعلیم بشمول نظم و ضبط کے معاملات کے تحت کوئی دیگر معاملات سے متعلق مسائل پر نااتفاقی کو حل کرتا ہے۔

- **شکایات** عام طور پر خصوصی تعلیمی پروگرام، طریقوں، یا خدمات سے متعلق طریقۂ کار یا عمل پر کسی نااتفاقی کا عمومی اظہار ہے

مسائل کے حل پر مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی ورجینیا محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ
[VDOE Resolving Disputes.] پر *ریزولونگ ڈسپیوٹس* [مسائل کا حل] نامی ویب پیج ملاحظہ کیجیئے۔

کب مدنظر رکھا جائے: فوری طور پر جب تنازعہ اٹھے اور مقامی سطح پر حل نہ کیا جا سکے۔

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

تنازعے کے حل سے متعلق میرے حقوق کیا ہیں؟

ہم اس تنازعہ کو کیسے حل کر سکتے ہیں تاکہ میرے بچہ/بچی کی ضروریات اور بہترین مفاد کو پورا کیا جا سکے؟

اگر IEP ٹیم اس تنازعہ کو حل نہیں کر سکتی تو میرے پاس اگلا لائحہ عمل کیا ہے؟

4. **ملازمت سے قبل منتقلی کی خدمات سمیت کلی منتقلی کی منصوبہ بندی کے حوالے سے ہمیں کن اختیارات کے بارے میں بات شروع کرنی اور نافذ کرنی چاہیں؟**

14 سال کی عمر پر، آپ کے بچہ/بچی کی IEP ٹیم کو لازمی طور پر منتقلی کی منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ آپکے بچہ/بچی کا منتقلی کے منصوبے میں خدمات کے ساتھ ساتھ منتقلی کے اہداف اور مقاصد شامل ہوں گے جو انہیں حاصل کرنے میں مدد کے یلے فراہم کیے جائیں گے۔ آپ کے بچہ/بچی کے منتقلی کے منصوبے میں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلی آ سکتی ہے جیسے جیسے وہ اعلی تعلیم اور/یا ملازمت کے لیے اپنے پوسٹ سکول کے منصوبوں سے متعلق فیصلے کرتا ہے۔ اگر آپ کے بچہ/بچی کے سکول میں منتقلی کا کوآرڈینیٹر ہے تو وہ فرد ممکن ہے کہ منتقلی کے منصوبے کی تیاری میں شریک ہو۔ آپ اس منصوبہ بندی کے اس دور میں مواقعوں جیسے کام کے دوران تجربہ، فوائد کی منصوبہ بندی اور آزادانہ زندگی کے اہداف کے بارے میں بات کرنا چاہیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ اضافی وسائل دستیاب ہیں۔ وفاقی قانون ورک فورس انوویشن اینڈ اپرٹیونیٹیس ایکٹ (WIOA) کے پاس ہونے کے بعد، ورجینیا کے پیشہ وارانہ بجالی کی ایجنسیوں (DARS) ، ڈیپارٹمنٹ برائے عمر اور بحالی کی خدمات اور ڈیپارٹمنٹ برائے نابینا اور جزوی نابینا (DBVI) سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ملازمت سے قبل منتقلی کی خدمات پیش کریں جنہیں اکثر Pre-ETS کہا جاتا ہے۔ یہ خدمات ان بچوں کو فراہم کی جاتی ہیں جو چودہ سال کی عمر سے ان ایجنسیوں کے ممکنہ گاہک ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ بچہ/بچی ان ایجنسیوں کے ذریعے خدمات کا اہل ہو۔ سرکاری سکولوں، نجی سکولوں، اور گھر پر محدود سکولوں والے بچے بھی درج ذیل سرگرمیوں میں شامل ہو سکتے ہیں۔

درج ذیل Pre-ETS خدمات ہیں:

- **ملازمت کی تلاش سے متعلق کونسلنگ**
ملازمت کو قریب سے دیکھنا اور ایسی سرگرمیاں شامل ہیں جو کیریئر کی تحقیقات کے ساتھ ساتھ کیریئر میں دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو بھی تلاش کرنے میں مدد دیتی ہیں۔
- **جامع منتقلی یا پوسٹ سیکنڈری تعلیم میں داخلے کے لیے مواقع پر کونسلنگ**
کیریئر کے راستوں کی تحقیقات کے ساتھ ساتھ کالج کے وسائل، کیمپس کے دورے، اور مالی معاونت شامل ہیں۔
- **کام کی بنیاد پر تدریسی تجربات**
معلوماتی انٹرویو، ملازمت کو قریب سے دیکھنا/مینٹورنگ، آجر کی پری زینٹیشن، جاب فیئر اور کام کی جگہ کے دورے شامل ہیں

- **کام کی جگہ کی تیاری کی تربیت**
سافٹ مہارتوں جیسے کام کی جگہ پر رابطہ، آزادانہ زندگی کی مہارتیں، اور ٹرانسپورٹیشن تک رسائی سیکھنا شامل ہیں
- **خود کی وکالت کرنے کی تدریس**
حقوق اور ذمہ داریوں پر تربیت، ملازمت پر گھر کی درخواست دینا، اور کمیونٹی میں نوجوانوں کی لیڈرشپ سرگرمیوں میں شرکت شامل ہیں

WIOA کے بارے میں معلومات حاصل کرنے والے افراد کو تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے لیے ایک ویب سائٹ مختص کی گئی ہے۔ ویب سائٹ Workforce Innovation Technical Assistance Center ہے۔
WINTAC سے مراد ہے کام کی جگہ کی اختراع کی تکنیکی مدد کا سینٹر۔ براہ مہربانی، مزید معلومات کے لیے اس ویب سائٹ کا جائزہ لیں۔

برائے مہربانی نوٹ کیجیئے کہ Pre-ETS خدمات وصول کرنے کے لیے، ضروری ہے کہ آپ بحالی کی ایجنسی کی تحریری رضامندی فراہم کریں جو آپ کے بچہ/بچی کا نام اور خفیہ معلومات بشمول سکول ریکارڈ جانتا ہے۔ اس معلومات میں IEP ماضی کی ٹیسٹنگ، اور دیگر متعلقہ معلومات شامل ہیں۔ یاد رکھیں، اگر آپ کا بچہ/بچی اٹھارہ سال کا ہو گیا ہے اور تعلیمی حقوق منتقل ہو گئے ہیں تو وہ تحریری رضامندی دے سکتا/سکتی ہے۔

اپ کے سکول ڈویژن میں کیا ہو رہا ہے، کے بارے میں جاننے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے بچہ/بچی کے خصوصی تعلیم کے کیس منیجر اور آپ کے مقامی بحالی کے دفتر کے Pre-ETS کونسلر سے بات کریں۔ آپ DARS کے دفاتر کے مقامات ان کی ویب سائٹ Virginia Department for Aging and Rehabilitative Services Website کے ہوم پیج پر "find an office" استعمال کرتے ہوئے کر سکتے ہیں۔ DBVI کے دفتر کی معلومات Virginia Department for the Blind and Vision Impaired Website پر ملاحظہ کریں۔

**کیا مدنظر رکھا جائے:** جب بچہ/بچی چودہ سال کی عمر تک پہنچتا ہے۔

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

میں منتقلی کی منصوبہ بندی کی خدمات تک کیسے رسائی حاصل کروں؟

میرے بچہ/بچی کی ہائی سکول سے سکول کے بعد کے اہداف میں کامیاب منتقلی میں مدد کے لیے بطور ٹیم ہمیں کس اقدامات پر عمل کرنا چاہیے؟

کیا میرے بچہ/بچی کا منتقلی کا منصوبہ IEP کا حصہ ہے یا یہ علیحدہ منصوبہ ہے؟

میرے بچہ/بچی کے منتقلی کے منصوبے میں کیا شامل ہونا چاہیے؟

اگر میرا بچہ/بچی وہ نہیں کرنا چاہتا جس کا اس نے فیصلہ کیا تھا، تو کیا ہو گا؟

Pre-ETS خدمات اور مواقع کیا ہیں جو میرے بچہ/بچی کے لیے دستیاب ہیں؟

کیا ان سرگرمیوں کے لیے میرے بچے کو کمرۂ جماعت سے الگ کیا جائے گا یا یہ سکول کے بعد ہوں گی یا پھر ہفتہ وار چھٹی/موسم گرم کے دوران؟

یہ خدمات گروپوں کو پیش کی جاتی ہیں یا افراد کو؟

5. **ہم اپنے بچہ/بچی کے ساتھ اٹھارہ سال کی عمر میں حقوق کی منتقلی کے ساتھ ساتھ معذوری کے بارے میں کیسے بات کریں؟**

بہت سے بڑے معذور بچوں نے بتایا کہ وہ جانتے تھے کہ ان کے ساتھ کچھ مختلف ہے جب وہ سکول میں کوشش کر رہے تھے اور ان کے دوست ایسا نہیں کر رہے تھے۔ جب والدین ملاقاتوں میں جاتے تھے اور ان ملاقاتوں کے بارے میں بات نہیں کرتے تو بچوں کے مطابق انہیں خوف محسوس ہوا کہ ان کے ساتھ کچھ غلط ہے۔ اپنے بچہ/بچی کو معذوری کے بارے میں سمجھانے کے لیے سب سے پہلا بہترین قدم یہ ہے کہ بچوں کو یہ سمجھنے میں مدد کی جائے کہ ہم سب میں کچھ صلاحیتیں ہیں اور کچھ ایسے حصے ہیں جن میں کامیاب ہونے کے لیے ہمیں مدد کی ضرورت ہے۔ اپنے بچہ/بچی کی معذوری کے بارے میں بات نہ کر کے آپ اپنے بچہ/بچی کو غلط نتائج کی طرف دھکیل سکتے ہیں جیسے "میں سمارٹ نہیں ہوں" یا "میں کسی قابل نہیں ہوں"۔

ہر چیز کا اظہار کر کے، معذوری کو نام دے کر، اور معلومات فراہم کر کے، آپ اپنے بچہ/بچی کی مدد کر سکتے ہیں کہ معذوری ہونا کسی شرم یا شرمندہ ہونے کی بات نہیں ہے۔ معذوری کی طرف آپ کا ردعمل اس بات پر اثرانداز ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ/بچی اپنے اختلافات اور تدریسی مشکلات سے کیسے نمٹتا/نمٹتی ہے۔ آپ یہ طاقتور پیغام دے سکتے ہیں کہ آپ کے بچہ/بچی کی بہت سی خصوصیات ہیں اور معذوری اس کا صرف ایک حصہ ہے۔ ایک نوجوان فرد نے اپنے آپ کو ایک بہن، دوست، سوکر کھلاڑی، کوئر کے رکن، کمیونٹی میں رضاکار، طالبعلم/طالبہ اور ایک ڈیسلیسیا کی شناخت کے ساتھ متعارف کرایا۔ چھوٹے بچوں کے ساتھ گفتگو بہت تفصیل میں نہیں ہونی چاہیے؛ آپ کی گفتگو درست اور عمر کے لحاظ سے ہونی چاہیے۔ اپنے بچہ/بچی کے سوالات کے جواب میں ردعمل اور اگر آپ کے پاس جواب نہیں ہیں تو اسے یقین دلائیں کہ آپ جوابات تلاش کریں گے۔ آپ دوسرے افراد کے سوالات کے جواب دے کر بھی اپنے بچہ/بچی کی مدد کر سکتے ہیں۔ آپ کا بچہ/بچی کیا چاہتا ہے کہ دوسرے لوگوں کو معذوری کے بارے میں کیا جاننا چاہیے؟ آپ کے بچہ/بچی میں دلچسپیاں، صلاحیتیں، اور ترجیحات ہیں۔ اسے ان کی شناخت میں مدد دیں اور ان پر زور دیں۔

I’m Determined [میں پرعزم ہوں] ویب سائٹ [I'm Determined](#) بہت سے طریقے اور مثالیں فراہم کرتی ہے کہ والدین کیسے اپنے بچہ/بچی کی ترجیحات، صلاحیتیں، اور دلچسپیوں کی شناخت کر سکتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ کہ دوسرے کس طرح اس کو کامیاب ہونے میں مدد کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، پروگرام کے بہت علاقائی نمائندے ہیں جو آپ سے بات چیت کرے آپ کو دکھا سکتے ہیں کہ ویب سائٹ اور دستیاب طریقوں کو کیسے استعمال کریں۔ مزید تفصیلات کے لیے I’m Determined کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے۔

<u>حقوق کی منتقلی</u>

اٹھارہ سال کی عمر پر، تعلیمی حقوق بچہ/بچی کو منتقل ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ/بچی خود سے فیصلے نہیں کر سکتا/سکتی تو آپ کو اسے جاری رکھنے کے لیے شامل ہونا پڑے گا۔ اگر آپ کا بچہ/بچی حقوق کی اس خودکار منتقلی سے نمٹنے کے قابل ہو گا تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ اسے اس اہم ذمہ داری کے لیے تیار کریں۔

IEP ٹیم کو آپکے بچہ/بچی کی IEP میں لازمی یہ بیان شامل کرنا چاہیے (آپ کے بچہ/بچی کے 18 سال کے ہونے سے کم از کم ایک سال قبل) کہ آپ اور آپ کے بچہ/بچی سے کہا گیا ہے کہ بچہ/بچی کے 18 سال کی عمر کو پہنچنے پر تعلیمی حقوق اسے منتقل کیے جائیں گے۔

حقوق کی منتقلی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے درج ذیل لنک ملاحظہ کیجیئے: حقوق کی منتقلی

**کیا مدنظر رکھا جائے:** جیسے ہی آپ کا بچہ/بچی خصوصی تعلیمی خدمات کا اہل ہو

**سکول سے پوچھے جانے والے سوالات:**

میں اپنے بچہ/بچی کی معذوری اور اس کے ممکنہ اثرات کے بارے میں اسے کس طرح وضاحت کروں؟

میرا بچہ/بچی کس طرح کی تیاری میں شریک ہو سکتا/سکتی ہے تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے؟

میرا بچہ/بچی 18 سال کا ہونے پر کس طرح تعلیمی فیصلوں کا مؤثر طریقے سے استعمال کر سکتا/سکتی ہے اور مجھے اس شعبے میں کس کی مشاورت حاصل کرنی چاہیے اگر مجھے محسوس ہو کہ مجھے اپنے بالغ بچہ/بچی کی طرف سے اس کے تعلیمی فیصلوں میں شامل ہونے کی ضرورت ہے؟

کیا میرے بچہ/بچی کی اٹھارویں سالگرہ کے بعد میں IEP میٹنگز میں شامل ہونے کے قابل ہوں گا/گی؟

کیا میں اپنے بچہ/بچی کی اٹھارویں سالگرہ کے بعد اس کو فیصلوں کے بارے میں باخبر رکھنے یا اپنے بچہ/بچی کی وکالت کرنے کے قابل ہوں گا/گی؟

## ایجنسی کے وسائل

ذیل میں آپ ان مختلف ایجنسیوں اور اداروں کے نام، ویب پتے اور فون نمبر دیکھ سکتے ہیں جو آپ کے لیے فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے، ویب ایڈریس اور فون نمبر اکثر و بیشتر تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اگر آپ کو لگے کہ فہرست میں کوئی اب کام نہیں کر رہا تو براہ مہربانی رابطے کی نئی معلومات کی تلاش میں مدد کے لیے ورجینیا محکمۂ تعلیم سے رابطہ کیجیئے۔

- **ورجینیا کامن ویلتھ یونیورسٹی (VCU) میں مرکز برائے فیملی شمولیت (CFI)**
سینٹر برائے فیملی انولومنٹ VCU ، (CFI) میں معذور لوگوں کے لیے کام کرنے والوں کے ساتھ مل کر خاندانوں کی مہارتوں کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ ان کے وکیلوں، رہنماؤں اور معلموں کے طور پر کام کرتا ہے تاکہ خاندان، بچے اور نوجوان بالغ اپنی زندگی اس طرح گزار سکیں جیسے وہ گزانا چاہتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے (877) 567-1122 پر فون کریں یا Center for Family Involvement at Virginia Commonwealth University Website ملاحظہ کیجیئے۔
- **ورجینیا کامن ویلتھ یونیورسٹی (VCU) میں مرکز برائے ٹرانزیشن انوویشن (CTI)**
سینٹر برائے ٹرانزیشن انوویشن (CTI) کا مقصد ملازمت کے راستے پر معلومات، وسائل، اظہار، اور تحقیق فراہم کرنا ہے جو معذور نوجوانوں کو مدد کرتا ہے تاکہ وہ ممکنہ حد تک اچھی ملازمت حاصل کرنے میں رسائی حاصل کر سکیں۔ ثبوت کی بنیاد پر ملازمت اور کام کے تجربے کے ماڈلوں،اعلی تعلیم یا پوسٹ سیکڈری تعلیم کی تربیت میں شرکت کے ذریعے، نوجوان اپنی کمیونیٹیوں کے اہم اراکین بن سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے (804) 828-1851 پر فون کریں یا Center on Transition Innovations at Virginia Commonwealth University Website ملاحظہ کیجیئے۔

- **کمیونٹی سروسز بورڈ (CSB)**

آپ کے علاقے کا کمیونٹی سروسز بورڈ (CSB) ذہنی صحت، منضبط مواد کے استعمال، اور ذہنی معذوریوں والے افراد کے لیے بچاؤ، علاج، ملازمت اور معاونتی خدمات فراہم کر سکتا ہے۔ وہ سکولوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور سوشل سروسز کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ آپ کی کیس منیجمنٹ، کونسلنگ، بحران کی صورت میں کونسلنگ، اور عمومی والدین کی تعلیم میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔ **DD/ID میڈی کیڈ کی دستبرداری کے لیے CSB آغاز کا پہلا پوائنٹ ہے۔** مزید معلومات کے لیے 3921-786 (804) پر فون کریں یا DBHDS Community Services Board Website ملاحظہ کیجیئے۔

- **(Department of Behavioral Health and Developmental Services (DBHDS**

ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف بیہیویرل ہیلتھ اینڈ ڈویلمنٹ سروسز ورجینیا کے سرکاری ذہنی صحت، ترقیاتی معذوری، اور منضبط مواد کی خدمات کے نظام کا انتظام کرتا ہے۔ یہ بچوں، اہل خانہ، اور ذہنی بیماریوں والے بالغان، ذہنی یا ترقیاتی معذوریوں والے یا منضبط مواد والی بیماریوں کے ساتھ ساتھ سابقہ فوجیوں کے لیے بھی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 3921-786 (804) پر فون کریں یا

Department of Behavioral Health and Developmental Services Website ملاحظہ کیجیئے۔

- **نابینا اور بصری خرابیوں (DBVI) کا شعبہ**

نابینا اور بصری خرابیوں کا ورجینیا ڈیپارٹمنٹ ورجینیا (DBVI) میں بصری معذوریوں والے تمام عمر کے رہائشیوں کے لیے خصوصی خدمات، معاونت، وسائل اور پروگراموں کی وسیع اقسام پیش کرتا ہے۔ DBVI ورجینیا کے نابینا، بہرے/نابینا، یا بصری خرابیوں والے شہریوں کی مدد کے لیے اعلی درجے کی خدمات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں تاکہ وہ ملازمت کا اعلی درجہ، تعلیم، اور ذاتی آزادی حاصل کر سکیں۔ مزید معلومات کے لیے 3140-371 (804) پر فون کریں یا

Virginia Department for the Blind and Vision Impaired Website ملاحظہ کیجیئے۔

- **بہرے اور سماعت کی خرابیوں (DDHH) کا شعبہ**

ورجینیا ڈیپارٹمنٹ فار دی ڈیف اینڈ ہارڈ آف ہیرنگ (VDDHH) بہرے افراد یا وہ افراد جن کو سننے میں مشکل کا سامنا ہے اور جو سن سکتے ہیں بشمول اہل خانہ، خدمات فراہم کرنے والے اور عمومی لوگ، کے درمیان رابطے کی رکاوٹوں کو کم کرنے پر کام کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 9502-662 (804) پر فون کریں یا ورجینیا محکمہ برائے بہرے اور سماعت میں مشکل افراد کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے۔

- **سماجی خدمات کا شعبہ (DSS)**

ورجینیا ڈیپارٹمنٹ برائے سوشل سروسز اور CSB ، آپ کو، آپ کے بچہ/بچی اور آپ کے اہل خانہ کی خدمت کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ وہ اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ورجینیا کے کمزور ترین شہریوں کو اس کے پاس دستیاب بہترین خدمات اور فوائد تک رسائی حاصل ہو، جیسے: مالی امداد، میڈی کیڈ دستبرداری، ہیلتھ کی مالی امداد، فیملی و انفرادی خدمات، بچوں کے لیے خدمات، اور خدمات برائے بالغان۔ EDCD میڈی کیڈ کی دستبرداری کے لیے DSS آغاز کا پہلا پوائنٹ ہے۔ مزید معلومات فون کریں 7000-726 (804) یا سوشل سروسز کی ویب سائٹ http://www.dss.virginia.gov/Department of Social Services Website ملاحظہ کیجیئے۔

- **بڑی عمر اور بحالی کی خدمات (DARS) کا شعبہ**
بڑی عمر کے افراد اور بحالی کی خدمات کا ورجینیا ڈیپارٹمنٹ (VDARS) آپ کو بہت سی چیزوں میں مدد کر سکتا ہے۔ وہ منتقلی کی خدمات فراہم کرنے میں سکولوں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ ان کی ملازمت کی خدمات معذور افراد کو ملازمت کے لیے تیار کرنے ملازمت تلاش کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں مدد کرتی ہیں۔ ان کا رہائشی اور طبی بحالی کا سینٹر ہے جس کا نام ویلسن ورک فورس اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر، اور سوشل سیکوریٹی ڈسیبیلٹی انشورنس اور سپلیمنٹل سیکوریٹی انکم ڈسیلٹی پروگراموں کے تحت فوائد کے لیے معذوری کے کلیم پر کام کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ورجینیا کے بوڑھے اور بحالی کی خدمات کے لیے 9950-464 (800) پر فون کریں یا [Virginia Department for Aging and Rehabilitative Services Website] ملاحظہ کیجیئے۔

- **ورجینیا کا معذوری قانون کا سینٹر**
ورجینیا کا معذوری قانون کا سینٹر (dLCV) ورجینیا کا تحفظ اور وکالت کا نامزد ادارہ ہے۔ وفاقی مالی امداد وصول کرتے ہوئے، وہ کلائنٹس کی معذوری سے متعلقہ مسائل جیسے بدسلوکی، نظر اندازی، اور امتیازی سلوک میں مدد کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ورجینیا کی معذور کے قانون کے سینٹر کے لیے 3962-552)800 پر فون کریں یا [disAbility Law Center of Virginia Website] ملاحظہ کیجیئے۔

- **انفنٹ و ٹوڈلر کنکشن اف ورجینیا [ورجینیا کا شیرخوار بچوں اور چھوٹے بچوں کے لیے ادارہ]**
ورجینیا میں شیرخوار بچوں اور چھوٹے بچوں کے لیے ایک ایسا نظام ہے جو پیدائش سے دو سال تک کے شیرخوار بچوں اور چھوٹے بچوں اور معاونت اور خدمات فراہم کرتا ہے جن کی نشوونما توقع کے مطابق نہیں ہو رہی یا ان کی طبی حالت ایسی ہے جو ناوِمل نشوونما میں تاخیر کر سکتی ہے۔ یہ پروگرام ورجینیا ڈیپارٹمنٹ کے طرزعمل کی صحت اور نشوونما کی خدمات (DBHDS) کے تحت کام کرتا ہے۔ ابتدائی اصلاحی خدمات کو ہر بچہ/بچی کی نشوونما کی مکمل رینج، ان کے اہل خانہ کی ضروریات جن کا تعلق ان کے بچہ/بچی کی نشوونما سے ہے، کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ خدمات ورجینیا میں سرکاری اور نجی دونوں ایجنسیوں کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں، اور اہل خانہ پر مبنی خدمات، وسائل اور معاونت کی وسیع رینج کو شامل کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے فون کریں
1448-234 (800) یا شیر خوار بچوں اور چھوٹے بچوں سے متعلق ویب سائٹ
[The Infant & Toddler Connection of Virginia Website] ملاحظہ کیجیئے۔

- **پیرنٹ ایجوکیشن ایڈوکیسی ٹریننگ سینٹر (PEATC)**
پیرنٹ ایجوکیشن ایڈوکیسی ٹریننگ سینٹر (PEATC) کامن ویلتھ آف ورجینیا میں اہل خانہ اور معذور بچوں کی خدمت کے لیے والد یا والدہ کی معلومات اور تربیت کے لیے سینٹر ہے۔ PEATC والدین، سکولوں، پیشہ ور افراد، اور کمیونٹی کے درمیان عزت، باہمی شراکت داری کو فروغ دیتا ہے جو معذور بچوں کی کامیابی کے امکانات کو بڑھاتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے 6782-869 (800) پر فون کریں یا
[Parent Education Advocacy Training Center Website] ملاحظہ کیجیئے۔

- **ٹریننگ و ٹیکنیکل اسسٹنٹ سینٹرز (TTACs)** پورے ورجینیا میں معذور طلباء کے اہداف کو بہتر بنانے اور احتساب سے نمٹنے کے لیے سکولوں کی مدد کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہین جو پیشہ ورانہ ترقی اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔ پورے ورجینیا میں مختلف یونیورسٹیوں میں سات موجود ہیں (ورجینیا کامن ویلتھ یونیورسٹی، اولڈ ڈومینین یونیورسٹی،

کالج آف ولیئم اینڈ میری، جارج میسن یونیورسٹی، جیمز میڈیسن یونیورسٹی، ورجینیا ٹیک، اور ریڈفورڈ یونیورسٹی).
TTACs پر مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ [تربیت اور تکنیکی مدد کے سینٹر کی ویب سائٹ] ملاحظہ کیجیئے۔

## حوالہ جات


*Field, S., Martin, J., Miller, R., Ward, M, & Wehmeyer, M. (1998). A practical guide for teaching self-determination. Reston, VA: Council for Exceptional Children.*

*Finn, J.D. (1993). School engagement and students at risk. Washington, DC: National Center for Health Statistics.*

*Lamborn, S.D., Brown, B.B., Mounts, N.S., & Steinberg, L. (1992). Putting School in perspective: The influence of family, peers, extracurricular participation, and part-time work on academic engagement. Chapter 6 in Student engagement and achievement in American secondary schools.*

*Research spotlight on parental involvement in education. (n.d.). Retrieved from [Research spotlight on parental involvement in education].*


## ضمیمہ 1

### ریاستی جانچوں کے بارے میں والدین کو کیا معلوم ہونا چاہیے

(براہ مہربانی **معذور طلباء** ملاحظہ کیجیئے: **جانچ میں شرکت کے لیے رہنما اصول:** ماہرین تعلیم اور والدین کے لیے [VDOE] [Standards of Learning (SOL) & Testing] پر گائیڈ موجود ہے۔)

- کامن ویلتھ آف ورجینیا میں تمام معذور بچوں سمیت **معذور افراد کی تعلیم کی بہتری کا ایکٹ برائے 2004 (IDEA) اور بحالی کے ایکٹ برائے 1973 کے سیکشن 504** کے تحت شناخت کردہ بچے۔
- IDEA اور اس کے نافذ کردہ ریاستی اور وفاقی قواعد تقاضا کرتے ہیں کہ تمام معذور بچے ریاست کے احتسابی نظام میں شریک ہوں۔
- معذور بچوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ جانچ کے لیے مواد کے تمام حصوں میں شرکت کریں جو بغیر معذوری والے بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔
- اگر والد یا والدہ فیصلہ کرتے ہیں کہ بچہ/بچی ورجینیا کے جانچ کے پروگرام میں شریک نہیں ہو گا/گی، تو فیصلے کو شرکت سے انکار سمجھا جائے گا اور بچہ/بچی، سکول، اور سکول ڈویژن ہر انکار کردہ ٹیسٹ پر صفر سکول وصول کریں گے۔

**ورجینیا میں معذور بچے کیسے احتسابی نظام میں شرکت کرتے ہیں (ریاستی سطح پر جانچیں)**

- IDEA کے تحت شناخت کردہ تمام معذور بچے، IEP ٹیم تعین کرے گی کہ بچہ/بچی کس طرح احتسابی نظام میں شرکت کرے گا/گی۔
- سیکشن 504 کے تحت شناخت کردہ بچوں کے لیے، 504 کمیٹی بچہ/بچی کی شرکت کا تعین کرے گی۔

- بچہ/بچی کی IEP کو لازمی طور پر درج ذیل کے ذریعے بچہ/بچی کی ریاست کے احتساب کے نظام میں شرکت کو واضح کرنا چاہیے۔
    - بغیر سہولیات کے SOL ٹیسٹ میں شرکت؛
    - سہولیات کے ساتھ SOL ٹیسٹ میں شرکت؛ یا
    - VAAP میں شرکت۔
- اگر IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ بچہ/بچی کو SOL ٹیسٹ کی بجائے لازمی طور پر VAAP میں شرکت کرنی چاہیے تو درج ذیل میں سے ہر ایک پر بات کرتے ہوئے IEP میں شامل کیا جانا چاہیے:
    - بچہ/بچی SOL جانچ میں شرکت کیوں نہیں کر سکتا/سکتی؛
    - بچہ/بچی کے لیے منتخب کردہ انتخاب کیوں مناسب ہے، اور بچہ/بچی متبادل جانچ کے معیار پر کیسے پورا اترتا/اترتی ہے؛ اور
    - VAAP میں بچہ/بچی کی شرکت کس طرح بچہ/بچی کی ترقی اور/یا گریجویشن کو متاثر کرے گی اور کس ڈپلوما کے ساتھ۔
- VAAP مین ممکنہ شرکت پر غور کرتے ہوئے، IEP ٹیم کو اس بات کی تسلی کرنے کی ضرورت ہے کہ SOL ٹیسٹ کی تمام سہولیات اور متبادل جانچوں کو ریاست کی جانچوں تک رسائی حاصل کرنے کے ایک اختیار کے طور پر مدنظر رکھا گیا ہے۔

**ورجینیا ایسسمنٹ پروگرام میں معذور بچوں کی عدم شمولیت**

- نہ تو IEP ٹیم اور نہ 504 کمیٹی یہ فیصلے کر سکتی ہے کہ بچہ/بچی ریاستی جانچ میں شرکت نہیں کرے گا/گی۔
- اگر والد یا والدہ درخواست کرتے ہیں کہ بچہ/بچی ریاستی جانچوں میں سے کسی ایک یا زیادہ میں شرکت نہ کرے تو IEP ٹیم یا 504 کمیٹی کو لازمی طور پر عدم شمولیت سے منسلک نتائج کی وضاحت کرنی چاہیے
- ریاستی جانچوں میں شرکت سے انکار کے نتائج میں درج ذیل شامل ہیں؛
    - جب گریڈ 3 تا 8 کی جانچوں میں بچہ/بچی کی شرکت سے انکار کیا جاتا ہے تو اساتذہ، والدین، اور بچہ/بچی جانچ سکور رپورٹس میں بچہ/بچی کی ترقی پر معلومات وصول نہیں کریں گے؛ اور
    - بچہ/بچی کے پاس ان مضامین کی جانچوں میں حصہ لینے کے مواقع نہیں ہوں گے جو گریجویشن کے لیے جانچ لینے سے قبل دیئے جاتے ہیں۔
- جب بچہ/بچی SOL کورس کے اختتام پر امتحان میں شرکت سے انکار کرتا ہے، تو بچہ/بچی گریجوئیشن کی شرائط کو پورا کرنے کے قابل نہیں ہو گا۔ اگر والد یا والدہ فیصلہ کرتے ہیں کہ بچہ/بچی ورجینیا کے جانچ کے پروگرام میں شریک نہیں ہو گا/گی، تو فیصلے کو شرکت سے انکار سمجھا جائے گا اور بچہ/بچی، سکول، اور سکول ڈویژن ہر انکار کردہ ٹیسٹ پر صفر سکول وصول کریں گے۔ مزید برآں، والد یا والدہ کا فیصلہ کہ بچہ/بچی ریاستی جانچوں میں شرکت نہیں کرے گا، کا مقامی سکول ڈویژن کے لیے منفی نتائج ڈال سکتا ہے۔ پچانوے فیصد معذور بچوں کو ریاستی جانچوں میں حصہ لینے کی ضرورت ہے تاکہ سکول ڈویژن شرکت کی شرائط کو پورا کر سکیں۔ اگر سکول ڈویژن اس حد تک نہیں پہنچتا تو ممکن ہے کہ سکول ڈویژن اپنی سند کھو دے اگر کافی والدین اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ ان کے بچے ریاستی جانچ میں شریک نہیں ہوں گے۔
- دستاویزی ثبوت جو ظاہر کریں کہ والد یا والدہ، سرپرست، سروگیٹ، یا بچہ/بچی کو مکمل طور پر وضاحت کی گئی ہے انہوں نے سمجھ لیا ہے، لازمی طور پر بچہ/بچی کے یا 504 منصوبے کے حصے کے طور پر منسلک ہونے چاہیے۔

**معذور بچوں کے لیے ریاستی جانچوں کے دستیاب پروگرام درج ذیل ہیں:**

- **سٹینڈرڈآف لرننگ(SOL) سہولیات کے ساتھ یا سہولیات کے بغیر**
  - انگریزی (مطالعہ اور تحریر نویسی)، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/سماجی سائنس کے مضامین میں دیئے جاتے ہیں
  - آن لائن ٹیسٹ دیئے جاتے ہیں الاّ کہ بچہ/بچی کو کاغذ پر ٹیسٹ دینے کی ضرورت کو دستاویز کیا گیا ہے
  - گریڈ 3 تا 8 اور مخصوص کورسوں میں داخل بچوں کو دیا جاتا ہے
    - **گریڈ 3 کی SOL جانچ**

- مطالعہ اور ریاضی SOL ٹیسٹ کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ (CAT) کو استعمال کرتے ہوئے آن لائن دیے جاتے ہیں
- ❖ **کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ (CAT) کیا ہے؟** CAT ایک ایسی جانچ ہے جو ہر بچہ/بچی کے لحاظ سے ترمیم کی جاتی ہے جیسا وہ بچہ/بچی ٹیسٹ کے سوالات پر جواب دیتا/دیتی ہے۔ **(کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ کے وسائل درج ذیل ویب سائٹ پر ملاحظہ کیجیئے۔ VDOE Standards of Learning - Computer Adaptive Testing (CAT))**

- **گریڈ 4 اور 5 کی SOL جانچ**

- گریڈ 4 اور 5 مطالعہ اور ریاضی SOL ٹیسٹ کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ (CAT) کو استعمال کرتے ہوئے آن لائن دیے جاتے ہیں
- گریڈ 5 کا سائنس SOL ٹیسٹ
- ورجینیا سٹڈیز SOL ٹیسٹ سکول ڈویژن کی مرضی پر چوتھے یا پانچویں گریڈ میں دیئے جاتے ہیں۔

- **گریڈ 6 تا 8 کی SOL جانچ**

- گریڈ 6 ، 7 اور 8 ریاضی SOL ٹیسٹ کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ (CAT) کو استعمال کرتے ہوئے آن لائن دیے جاتے ہیں
- گریڈ 6 ، 7 اور 8 مطالعہ SOL ٹیسٹ کمپیوٹر کے مطابقتی ٹیسٹ (CAT) کو استعمال کرتے ہوئے آن لائن دیے جاتے ہیں
- گریڈ 8 کا تحریر SOL ٹیسٹ
- گریڈ 8 کا سائنس SOL ٹیسٹ
- شہریت اور معاشیات میں سکول ڈویژن کی مرضی پر ساتویں یا آٹھویں گریڈ میں دیئے جاتے ہیں۔

- **کورس کے اختتام کا (EOC) جانچ**

- بچے جو EOC جانچ سے منسلکہ مخصوص کورسوں میں داخل ہیں انہیں EOC ٹیسٹ لینا لازمی ہے۔
- EOC تاریخ - ورجینیا اور امریکی تاریخ، عالمی تاریخ I، عالمی تاریخ II، عالمی جغرافیہ
- EOC ریاضی- الجبرا I، جیومیٹری، الجبرا II
- EOC سائنس-زمینی سائنس، حیاتیات، کیمیا
- EOC مطالعہ
- EOC تحریر نویسی

- معذور بچوں کے لیے سہولیات دستیاب ہیں جیسا کہ ان کے IEP یا 504 منصوبوں میں بیان کیا گیا ہے۔
- اگر بچہ/بچی کو ایسی سہولت درکار ہے جو اس کے موجودہ SOL ٹیسٹ کے نافذالعمل مینول میں درج نہیں ہے، IEP ٹیم یا 504 کمیٹی خصوصی جانچ کی سہولت کی درخواست مکمل کرتی ہے اور VDOEکے ذریعے جائزے کے لیے ڈویژن ڈائریکٹر جمع کراتا ہے۔
- سہولیات کے وسائل آن لائن VDOE Standards of Learning - Participation & Inclusion پر دستیاب ہیں:
  - **معذور طلباء کے لیے ٹیسٹنگ کی سہولیات کی وضاحت: مددگار ٹیکنالوجی**
  - **معذور طلباء: خصوصی ٹیسٹوں کی سہولیات کے رہنما اصول**
- تصدیق شدہ کریڈٹ کے لیے متبادل ٹیسٹ
  - جیسا کہ ایسیریڈیٹڈ پبلک اسکولز کے معیارات کی اجازت کے ساتھ، (8VAC20-131-110)ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن (VBOE) مختلف "متبادل" ٹیسٹ منظور کرتا ہے اور بچوں کو تصدیق شدہ کریڈٹ دینے کے مقصد کے لیے کم از کم سکول متعین کرتا ہے۔ تصدیق شدہ کریڈٹ کے لیے متبادل ٹیسٹ
  - VBOE نے کیریئر اور تکنیکی امتحانات کے لائسنس یا سرٹیفکیٹ کا شیڈول منظور کیا ہے جو SOL ٹیسٹوں کے لیے متبادل ہو سکتا ہے تاکہ بچہ/بچی منتخب کردہ تصدیق شدہ کریڈٹ حاصل کر سکتا ہے۔ لائسنس ا سرٹیفکیشن کے لیے ٹیسٹ جو علم اور مہارتوں کا اظہار چاہتے ہیں، اس سے بالاتر جو ایک واحد کورس سے منسلک ہے جس کا نتیجہ تصدیق شدہ کریڈٹ کے دو یونٹس دینے میں نکلتا ہے۔

The Path to Industry Certification: High School Industry Credentialing

- **ورجینیا آلٹرنیٹو اسسمنٹ پروگرام (VAAP)**
  - VAAP متبادل کارکردگی کے معیارات کی بنیاد پر متبادل جانچ ہے اور ادراکی معذوری والے بچوں کی کارکردگی کی تشخیص کے لیے خاص طور پر ڈیزائن کی گئی ہے جو سہولیات کے باوجود ریاستی سطح کے سٹینڈرڈ آف لرننگ ٹیسٹنگ میں شرکت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔
  - VAAP گریڈ 3 تا 8 کے بچوں اور ہائی سکول کے ان بچوں کے لیے دستیاب ہے جو ان تعلیمی معیارات پر کام کر رہے ہیں جن کی پیچیدگی اور گہرائی میں کمی کی گئی ہے۔
  - یہ تعلیمی معیارات سٹینڈرڈآف لرننگ(SOL) سے مطابقت پذیر کہلاتے ہیں اور مطالعہ، تحریر نویسی، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/سماجی سائنس میں دستیاب ہیں۔
  - صرف شدید ادراکی معذوری والے بچے جوشرکت کے لیے VAAP کی شرائط پر پورا اترتے ہیں، ان کی VAAP کے ذریعے جانچ کی جاتی ہے۔ درج ذیل رہنمائی کا دستاویز VAAP Guidelines پر ملاحظہ کریں۔

- بچہ/بچی کی VAAP میں شرکت کے لیے جانچ کا فیصلہ کرنے میں، ٹیم کو لازمی طور پر جائزہ لینا، غور کرنا، اور معلومات کے وسائل کی اقسام پر تبادلۂ خیال کرنا چاہیے، بشمول:
  - نفسیاتی جانچ؛
  - مشاہدات؛
  - حاصل کردہ ٹیسٹ مواد؛ اور
  - شدید ادراکی معذوری کے ثبوت کے لیے نصابی مواد اور ایک فرد کی بنیاد پر فیصلہ کیا جاتا ہے۔
- کیونکہ صرف انٹیلی جنس کوٹیئنٹ سکور کی بنیاد کافی نہیں ہے، ٹیم بچہ/بچی کی ادراکی صلاحیتوں والی تمام دستیاب معلومات کا جائزہ لے گی، بشمول:
  - قابلیتی ٹیسٹ؛ اور
  - مطابقتی طرز عمل کی پیمائشیں۔
- 504 منصوبے والے معذور بچے VAAP کے اہل نہیں ہیں۔
- VAAP میں شریک ہونے والے بچے تمام شعبوں میں شرکت کریں گے اور ثبوت کے مجموعہ کو جمع کرتے ہوئے ASOL پر کارکردگی ظاہر کریں گے۔
- **جو بچے VAAP میں شرکت کرتے ہیں وہ سٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ حاصل نہیں کریں گے۔**

## ضمیمہ 2

**گریجویشن کی شرائط کے چارٹ**

**<u>2011-12 تا 2017-18 میں نویں گریڈ میں آغاز کرنے والے بچوں کے لیے گریجوئیشن کی شرائط</u>**

**ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ - (کریڈٹ کے 26 معیاری یونٹس اور 9 تصدیق شدہ کریڈٹ)**

| نظم و ضبط کے شعبے | سٹینڈرڈ کریڈٹ: 2011-12 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | تصدیق شدہ کریڈٹ: 2011-12 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں |
|---|---|---|
| انگریزی | 4 | 2 |
| ریاضی | 4 | 2 |
| لیباٹری سائنس | 4 | 2 |
| تاریخ اور سماجی سائنس | 4 | 2 |
| غیر ملکی زبانیں | 3 | |
| صحت اور جسمانی تعلیم | 2 | |
| فائن آرٹس یا کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن | 1 | |
| معاشیات اور ذاتی مالیات | 1 | |

| تصدیق شدہ کریڈٹ: 12-2011 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | سٹینڈرڈ کریڈٹ: 12-2011 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | نظم و ضبط کے شعبے |
|---|---|---|
| | 3 | اختیاری - ایڈوانس |
| 1 | | طالبعلم/طالبہ کے منتخب کردہ ٹیسٹ |
| 9 | 26 | کل |

سٹینڈرڈ ڈپلوما - (22 معیاری کریڈٹ اور 6 تصدیق شدہ کریڈٹ درکار ہیں)

| تصدیق شدہ کریڈٹ: 12-2011 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | سٹینڈرڈ کریڈٹ: 12-2011 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | حاضری کا شعبہ |
|---|---|---|
| 2 | 4 | انگریزی |
| 1 | 3 | ریاضی |
| 1 | 3 | لیباٹری سائنس |
| 1 | 3 | تاریخ اور سماجی سائنس |
| | 2 | صحت اور جسمانی تعلیم |
| | 2 | فائن آرٹس یا کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن |
| | 1 | معاشیات اور ذاتی مالیات |
| | 3 | اختیاری - سٹینڈرڈ |
| 1 | | طالبعلم/طالبہ کے منتخب کردہ ٹیسٹ |
| 6 | 22 | کل |

**2018-2019 میں نویں گریڈ میں آغاز کرنے والے بچوں کے لیے گریجویشن کی شرائط**

ایڈوانسڈ سٹڈیز ڈپلومہ - (کریڈٹ کے 26 معیاری یونٹس اور 5 تصدیق شدہ کریڈٹ)

| نظم و ضبط کا شعبہ | سٹینڈرڈ کریڈٹ: 2018-19 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | تصدیق شدہ کریڈٹ: 2018-19 اور اس کے بعد نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں |
|---|---|---|
| انگریزی | 4 | 2 |
| ریاضی | 4 | 1 |
| لیباٹری سائنس | 4 | 1 |
| تاریخ اور سماجی سائنس | 4 | 1 |
| غیر ملکی زبانیں | 3 | |
| صحت اور جسمانی تعلیم | 2 | |
| فائن آرٹس یا کیریئر اور ٹیکنیکل ایجوکیشن | 1 | |
| معاشیات اور ذاتی مالیات | 1 | |
| اختیاری - ایڈوانس | 3 | |
| طالبعلم/طالبہ کے منتخب کردہ ٹیسٹ | | |
| کل | 26 | 5 |

سٹینڈرڈ ڈپلوما - (22 معیاری کریڈٹ اور 5 تصدیق شدہ کریڈٹ درکار ہیں)

| نظم و ضبط کا شعبہ | سٹینڈرڈ کریڈٹ: 2018-19 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں | تصدیق شدہ کریڈٹ: 2018-19 اور اس کے بعد پہلی مرتبہ نویں جماعت کے لیے مؤثر ہیں |
|---|---|---|
| انگریزی | 4 | 2 |
| ریاضی | 3 | 1 |
| لیباٹری سائنس | 3 | 1 |
| تاریخ اور سماجی سائنس | 3 | 1 |
| صحت اور جسمانی تعلیم | 2 | |
| غیر ملکی زبان، فائن آرٹس یا کیرئیر و ٹیکنیکل ایجوکیشن | 2 | |
| معاشیات اور ذاتی مالیات | 1 | |

| | | |
|---|---|---|
| اختیاری - سٹینڈرڈ | 4 | |
| طالبعلم/طالبہ کے منتخب کردہ ٹیسٹ | | |
| کل | 22 | 5 |